★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیر وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 308 بروز بدھ 5 اگست 2026ء 20 صفر 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 8) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

سیٹلائٹ ٹاؤن، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو زخمی کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے 2 افراد کو زخمی کر دیا جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز سیٹلائٹ ٹاؤن کے علاقے میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے فائرنگ کر کے عبید اللہ اور ایک نامعلوم شخص کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے میگزین برآمد کر کے قبضے میں لے لیا اور ملزمان کے خلاف کارروائی شروع کر دی۔

کوئٹہ، نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو زخمی کر دیا پولیس کے مطابق گزشتہ روز جیکب آباد کے رہائشی محمد حیات کو 2 نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا مزید کارروائی پولیس کر رہی ہے۔

بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کا غیر قانونی اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کی قراردادوں اور انسانی حقوق کے بنیادی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 8)

اسحاق ڈار کا ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفونک رابطہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا، جس کے دوران دونوں رہنماؤں نے خطے کی مجموعی صورتحال، دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 7)

پاکستان بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا، صدر زرداری

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ ہم ہر بین الاقوامی فورم پر اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے، جب تک کہ جموں و کشمیر کا تنازعہ اقوا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 6)

شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور قوم ان عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھے گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان کا یوم شہدائے پولیس پر پیغام

پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں، سرفراز بگٹی

زیارت کے شہداء کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور حکومت بلوچستان ان کے اہل خانہ کی قربانیوں اور صبر کو سلام پیش کرتی ہے شہداء کی قربانیاں اس امر کا تقاضا کرتی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ پولیس کے شہداء قوم کا عظیم سرمایہ اور پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں جنہوں نے وطن کے امن، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وفا، بہادری اور فرض شناسی کی لازوال داستانیں رقم کیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں ہماری قومی تاریخ کا روشن باب ہیں اور قوم ان عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھے گی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان پولیس گزشتہ کئی برسوں سے دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف صف اول میں برسر پیکار ہے۔ پولیس کے بہادر افسران اور جوانوں نے اپنی جانوں کی پروا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 1)

پاکستان بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں حالات کی خرابی اور بدامنی کی وجہ سے کہیں پر بھی حکومت کی رٹ نہیں رہی حالات ایسے ہیں کہ لوگ اپنے علاقوں میں نہیں جا سکتے

ملک کو چلانے والے تمام صورتحال سے واقف ہیں اور وہ طاقت سے مسائل کا حل چاہتے ہیں طاقت سے کبھی مسائل نہیں ہو سکتے ہمارے پاس اسٹریٹ پاور ہے، کوئٹہ میں پریس کانفرنس

صوبے بنانا اتنا آسان کام نہیں

ملکی حالات سے توجہ ہٹانے کیلئے شوشے چھوڑے جاتے ہیں

مولانا فضل الرحمان

حالات کی بہتری کو ممکن بناتے ہوئے ملک اور قوم کو اس بحرانی کیفیت سے نکالنے کے لئے ہم ملک گیر سطح پر آل پارٹیز بلائیں گے مارشل لاء کے دور میں 1973ء کے آئین میں ترامیم کر کے اس کا حلیہ بگاڑ دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے سربراہ رکن قومی اسمبلی مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان بالخصوص بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں حالات کی خرابی اور بدامنی کی وجہ سے کہیں پر بھی حکومت کی رٹ نہیں رہی۔ حالات ایسے ہیں کہ لوگ اپنے علاقوں میں نہیں جا سکتے ملک کو چلانے والے تمام صورتحال سے واقف ہیں اور وہ طاقت سے مسائل کا حل چاہتے ہیں طاقت سے کبھی مسائل نہیں ہو سکتے حالات کی بہتری کو ممکن بناتے ہوئے ملک اور قوم کو اس بحرا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 5)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے نیشنل پارٹی کے سربراہ و رکن صوبائی اسمبلی ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ ملاقات کر رہے ہیں

گیس سیکٹر میں ڈی ریگولیشن کے ساتھ مضبوط ریگولیٹری نظام قائم کیا جائے گا، وفاقی وزیر علی پرویز ملک

پیٹرولیم ڈویژن نے عالمی بینک کے تعاون سے گیس سیکٹر کی ڈی ریگولیشن کا لائحہ عمل تیار کر لیا

اصلاحات کے تحت سوئی کمپنیوں کے ٹرانسمیشن، ڈسٹری بیوشن اور انرجی کاروبار الگ کیے جائیں گے، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) پیٹرولیم ڈویژن نے عالمی بینک کے تعاون سے گیس سیکٹر کی ڈی ریگولیشن کا لائحہ عمل تیار کر لیا۔ وفاقی وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک کی زیر صدارت گیس سیکٹر اصلاحات پر اہم اجلاس، عالمی بینک کے کنٹری ڈائریکٹر کی شرکت ہوئی۔ سوئی کمپنیوں کی تنظیم نو اور ان بنڈلنگ اصلاحات منصوبے کا اہم حصہ ہے۔ ملاقات کے بعد جاری اعلامیہ کے مطابق اصلاحات کے تحت سوئی کمپنیوں کے ٹرانسمیشن، ڈسٹری بیوشن اور انرجی کاروبار الگ کیے جائیں گے۔ سہ ڈی کے نظام کو ازسر نو ترتیب دیا جائے گا تاکہ صرف مستحق صارفین کو ٹارگیٹڈ ریلیف مل سکے۔ حکومت گیس مارکیٹ میں مارکیٹ کلیئرنگ پرائس کی جانب مرحلہ وار پیش رفت کرے گی۔ ورلڈ بینک نے گیس سیکٹر اصلاحات کے لیے تکنیکی معاونت اور بین الاقوامی تجربات فراہم کیے، گیس سیکٹر اصلاحات کا روڈ میپ رواں مہینے منظوری کے لیے وزیر اعظم کو پیش کیا جائے گا۔ وزیر اعظم کی منظوری کے بعد گیس سیکٹر اصلاحات پر مرحلہ وار عملدرآمد شروع کیا جائے گا۔ وفاقی وز (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 9)

شہزاد وٹی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ماسٹر عنایت اللہ جنگ جاں بحق

خضدار (آن لائن) شہزاد وٹی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں اسماء جنگ کے والد، ماسٹر عنایت اللہ جنگ جاں بحق ہو گئے۔ واضح رہے کہ چند گھنٹے قبل اسماء جنگ اپنی اور اپنے گھر والوں کو تحفظ فراہم کرنے کے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 4)

5 اگست کو بانی کی رہائی کی تحریک کا آغاز کریں گے، یہ تحریک اب بانی اور بشریٰ کی رہائی پر رکے گی، بیرسٹر گوہر کا اعلان

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ قیام پاکستان کے بعد آج تک کوئی پارٹی سربراہ تین سال جیل میں نہیں رہا، 5 اگست کو بانی کی رہائی کی تحریک کا آغاز کریں گے، یہ تحریک اب بانی اور بشریٰ کی رہائی پر رکے گی۔ راو (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 3)

اگست قومی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، عبدالعلیم خان

تمام سیکیورٹی فورسز کے شہداء کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہیں

نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی آمدن میں نمایاں اضافہ ہوا ہے

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ 4 اگست قومی تاریخ کا ایک اہم دن ہے، جو وطن کے دفاع، امن و امان اور عوام کے تحفظ کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیکیورٹی فورسز کے شہداء کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر اور آنے والی نسلوں (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 2)

پاکستان اور ایران کے تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات کو مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، جام کمال

پاکستان اور ایران کا دوطرفہ تجارت 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد میں 10 واں پاک۔ایران جوائنٹ ٹریڈ کمیٹی اجلاس، فری ٹریڈ ایگریمنٹ، سرحدی تجارت، لاجسٹکس اور سرمایہ کاری کے فروغ پر اتفاق

حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ سرمایہ کاروں اور تاجروں کے لیے سازگار، شفاف اور قابل اعتماد کاروباری ماحول فراہم کریں، اعلامیہ جاری

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان اور ایران نے دوطرفہ اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دیتے ہوئے باہمی تجارت کا حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اس بات پر اتفاق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور ایرانی وزیر صنعت، کان کنی و تجارت ڈاکٹر محمد اتابک کی مشترکہ صدارت میں اسلام آباد میں منعقدہ 10 ویں پاک۔ایران جوائنٹ ٹریڈ کمیٹی (جے ٹی سی) اجلاس میں کیا گیا، جہاں تجارت، سرمایہ کاری، سرحدی رابطوں اور دیگر شعبے کے تعاون کو فروغ دینے کے لیے متعدد اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 10)

نیب کی 2026ء کی دوسری سہ ماہی میں 45.2 ٹریلین روپے کی ریکارڈ ریکوری

ہاؤسنگ اور مالیاتی فراڈ مقدمات میں 24,365 سے زائد متاثرہ افراد کو 42.303 ارب کی خطیر رقم اور اثاثے واپس دلائے گئے

بلوچستان، سندھ، پنجاب اور اسلام آباد میں کل 10,78,283 ایکڑ قیمتی سرکاری زمین واگزار کرائی گئی، نیب سہ ماہی رپورٹ جاری

اسلام آباد (آن لائن) سال 2026ء کی دوسری سہ ماہی میں نیب نے 2.45 ٹریلین روپے (2,452 ارب روپے) کی ریکارڈ ریکوری کی۔ بلوچستان، سندھ، پنجاب اور اسلام آباد میں کل 10,78,283 ایکڑ قیمتی سرکاری زمین واگزار کرائی گئی۔ ہاؤسنگ اور مالیاتی فراڈ کے مقدمات میں 24,365 سے زائد متاثرہ افراد کو 42.303 ارب روپے کی خطیر رقم اور اثاثے واپس دلائے گئے۔ نیب کی سال 2026 کی دوسری سہ ماہی کی کارکردگی رپورٹ جاری کر دی گئی ہے۔ نیب رپورٹ کے مطابق سال 2026ء کی دوسری سہ ماہی میں نیب نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 11)

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنرز کانفرنس منعقد ہوئی جس میں صوبے بھر میں عوام (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 17)

صوبہ پہلی مرتبہ 114 فیصد ترقیاتی فنڈز کے استعمال کی سطح تک پہنچا، جو بلوچستان کی بڑھتی ہوئی استعداد کار کا واضح ثبوت ہے

محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نے اپنی تاریخ میں پہلی مرتبہ سالانہ پیشرفت رپورٹ جاری کر دی

بلوچستان میں ترقیاتی منصوبہ بندی، نگرانی اور عملدرآمد کے نظام میں گزشتہ دو برس کے دوران تاریخی اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر ترقیات و منصوبہ بندی میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبہ بندی، نگرانی اور عملدرآمد کے نظام میں گزشتہ دو برس کے دوران تاریخی اصلاحات متعارف کرائی گئی ہیں، جن کے نتیجے میں نہ صرف ترقیاتی منصوبوں کی شفافیت، رفتار اور معیار میں نمایاں بہتری آئی بلکہ صوبہ پہلی مرتبہ 114 فیصد ترقیاتی فنڈز کے استعمال کی سطح تک پہنچا، جو بلوچستان (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 12)

اسماء کی حکومت تحفظ فراہم کرنے اور اغواء میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کی اپیل

خضدار (آن لائن) اسماء جنگ نے حکومت اور قانون نافذ کرنے وا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 16)

بلاول بھٹو کا یوم شہدائے پولیس کے موقع پر پولیس کے شہید افسران اور جوانوں کو زبردست خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے پیغام میں پولیس کے شہید افسران اور جوانوں کو زبردست (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 15)

بلاول کے بیان پر ن لیگ، پیپلز پارٹی آمنے سامنے، سوشل میڈیا میدان جنگ

لاہور (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے حالیہ ویڈیو پیغام کے بعد پاکستان مسلم لیگ (ن) (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 18)

بلاول بھٹو دل بڑا کریں، لیڈر شکست پر روتے اچھے نہیں لگتے، طلال چوہدری

اسلام آباد (آن لائن) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 19)

چاغی، پک اپ گاڑی کے درمیان حادثہ ایک بچہ جاں بحق، مردوں خواتین سمیت 9 افراد شدید زخمی

چاغی (آن لائن) دالبندین آر سی ڈی شاہراہ پر نوکی لانڈھی کے مقام پر ایک کار اور پک اپ گاڑی کے درمیان خوفناک ٹریفک حادثہ پیش آیا، جس کے نتیجے میں ایک بچہ جاں بحق (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 20)

وفاقی وزیر و چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر، رانا محمد قاسم نون سے ملاقات

کشمیر کا حل کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق پرامن طریقے سے ہونا چاہیے، کارلوس مارٹنز بیلونگو

پیرس (آن لائن) فرانس کی قومی اسمبلی کے رکن کارلوس مارٹنز بیلونگو نے مسئلہ جموں و کشمیر پر پاکستان کے موقف کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس تنازع کا حل بین الاقوامی قوانین اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق پرامن طریقے سے ہونا چاہیے۔ وفاقی وزیر و چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر، رانا محمد قاسم نون نے فرانسیسی قومی اسمبلی کے رکن، عزت مآب کارلوس مارٹنز بیلونگو کی دعوت پر فرانسیسی قومی اسمبلی کا دورہ کیا۔ ملاقات میں پروٹوکول آفیسر ابراہیم جانڈیو بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماؤں کے درمیان باہمی دلچسپی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 14)

جیکب آباد کے متنازعہ سم نالے کے معاملے پر کمشنر لاڑکانہ ڈویژن سے مسلسل رابطے میں، کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی نے ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین، سپرنٹنڈنگ انجینئر (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 13)

شہدائے پولیس کے اہل خانہ پوری قوم کا سرمایہ ہیں، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

اسلام آباد / کوئٹہ (آن لائن) سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 24)

وفاقی حکومت کا 10 لاکھ میٹرک ٹن تک گندم درآمد کرنیکا فیصلہ

وفاقی حکومت کی گندم کی درآمد پر عائد تمام ٹیکسز اور ڈیوٹیز سے استثنیٰ دینے کی تیاری

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے گندم کی درآمد پر عائد تمام ٹیکسز اور ڈیوٹیز سے استثنیٰ دینے کی تیاری کر لی ہے اور وفاقی حکومت نے 10 لاکھ میٹرک ٹن تک گندم درآمد کرنیکا فیصلہ کیا ہے جبکہ پاسکو کے ذخائر میں موجود تمام 10 لاکھ ٹن گندم صوبوں کو دینے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت نیشنل فوڈ سیکیورٹی نے گندم کی درآمد پر ٹیکسوں اور ڈیوٹیز سے چھوٹ مانگ لی، صوبائی انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ سیس سے بھی استثنیٰ دینے کی تجویز دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے 10 لاکھ میٹرک ٹن تک گندم درآمد کرنے کا فیصلہ کیا (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 23)

سیکیورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں، متعدد دہشت گرد ہلاک، ٹھکانے تباہ

پشاور (آن لائن) خیبر پختونخوا میں عزم استحکام ویژن کے تحت سیکیورٹی فورسز کی انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں مسلسل جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق ضلع لکی مروت (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 22)

ملک بھر کیلئے یکساں پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے نظام کی اصولی منظوری

پولیس شہداء ہمارے سروں کے تاج ہیں، تاقیامت بھی پولیس شہداء کا احسان نہیں اتار سکتے، وفاقی وزیر محسن نقوی

وزیر داخلہ نے نیشنل پولیس بیورو کی عمارت کی تزئین و آرائش کا معائنہ کیا۔ ڈی جی نیشنل پولیس بیورو نے وزیر داخلہ کو تفصیلی بریفنگ دی

اسلام آباد (آن لائن) وزیر داخلہ محسن رضا نقوی کی زیر صدارت اجلاس میں ملک بھر کیلئے یکساں پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے نظام کی اصولی منظوری دی گئی۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ پولیس شہداء ہمارے سروں کے تاج ہیں، تاقیامت بھی پولیس شہداء کا احسان نہیں اتار سکتے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے نیشنل پولیس بیورو کا دورہ کیا اور ایک اہم اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں یوم پولیس شہداء پر تمام پولیس شہداء کو ہدیہ (صفحہ نمبر 2 بقیہ نمبر 21)



5 اگست
یوم استحصالِ کشمیر
لکھی ہے جو شہداء کے لہو سے
وہی تحریر ہے، تقدیرِ کشمیر

5 اگست 2019 تاریخ کا وہ سیاہ دن، جب بھارت نے بھارتی مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کرنے کا غیر قانونی اقدام اٹھایا جو کہ کشمیریوں کے حق خود ارادیت پر وار ہے

حکومت بلوچستان اور عوام کشمیریوں کو ان کے بنیادی حقوق ملنے تک ہر فورم پر ان کی حمایت جاری رکھیں گے

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی

کشمیر بنے گا پاکستان، انشاءاللہ

محکمہ تعلقاتِ عامہ | حکومتِ بلوچستان

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan @govtofbalochistan @dgpr_gob

SS No.01/04.08.2026

ABC CERTIFIED
روزنامہ
تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

پاکستان اور ایران کے تعلقات

پاکستان اور ایران نے دوطرفہ اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دیتے ہوئے باہمی تجارت کا حجم 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ اس بات پر اتفاق وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور ایرانی وزیر صنعت، کان کنی و تجارت ڈاکٹر محمد اتابک کی مشترکہ صدارت میں اسلام آباد میں منعقدہ 10 ویں پاک۔ایران جوائنٹ ٹریڈ کمیٹی (جے ٹی سی) اجلاس میں کیا گیا، جہاں تجارت، سرمایہ کاری، سرحدی رابطوں اور نجی شعبے کے تعاون کو فروغ دینے کے لیے متعدد اہم امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات کو مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے پاک۔ایران فری ٹریڈ ایگریمنٹ کو جلد حتمی شکل دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سرحدی لاجسٹکس، کسٹمز کلیئرنس اور کارگو نقل و حرکت میں حائل رکاوٹوں کو دور کیے بغیر تجارتی اہداف حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ جام کمال خان نے کہا کہ مشترکہ سرحدی منڈیوں کے قیام، الیکٹرانک ڈیٹا انٹرچینج اور جدید تجارتی سہولتوں کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کا نجی شعبہ کاروباری تعاون کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، جبکہ حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ سرمایہ کاروں اور تاجروں کے لیے سازگار، شفاف اور قابلِ اعتماد کاروباری ماحول فراہم کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ 10 واں پاک۔ایران جوائنٹ ٹریڈ کمیٹی اجلاس ایک قابلِ عمل روڈ میپ مرتب کرے گا، جو دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس موقع پر ایرانی وزیر صنعت و تجارت ڈاکٹر محمد اتابک نے پاکستان کو ایران کا طویل المدتی اسٹریٹجک تجارتی شراکت دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے ذریعے علاقائی تجارت، ٹرانزٹ اور لاجسٹک تعاون کو فروغ دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔

ضلع کیچ میں بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) ترقیاتی فنڈز اور عوامی توقعات

تحریر: چاکر بلوچ

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) حکومتِ بلوچستان کا ایک اہم ترقیاتی پروگرام ہے، جس کا مقصد صوبے کے پسماندہ اضلاع میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، عوامی معیار زندگی میں بہتری اور مقامی ضروریات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر عمل درآمد ہے۔ بلوچستان کے دیگر اضلاع کی طرح ضلع کیچ بھی ان اضلاع میں شامل ہے جہاں اس پروگرام کے تحت مختلف منصوبوں کے لیے فنڈز مختص کیے گئے۔ ضلع کیچ میں BSDI کے تحت پینے کے صاف پانی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، تعلیمی اداروں کی بحالی، صحت کی سہولیات میں بہتری، سولر توانائی اور دیگر بنیادی ڈھانچے سے متعلق متعدد منصوبے شروع کیے گئے۔ ان منصوبوں کا مقصد دور دراز علاقوں تک ترقی کے ثمرات پہنچانا اور عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ بلیدہ، دشت، تمپ اور دیگر علاقوں میں واٹر سپلائی اسکیمیں، سولرائزیشن، اسکولوں اور دیہی سڑکوں کے منصوبے مقامی آبادی کی دیرینہ ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے منظور کیے گئے۔ اگر یہ منصوبے معیاری انداز میں مکمل ہوں تو ہزاروں خاندانوں کو براہ راست فائدہ پہنچ سکتا ہے۔ ترقیاتی فنڈز کی کامیابی کا انحصار صرف رقم مختص کرنے پر نہیں بلکہ شفافیت، بروقت تکمیل اور معیاری تعمیر پر بھی ہوتا ہے۔ عوام کی توقع ہے کہ ہر منصوبہ مقررہ مدت میں مکمل ہو اور اس کے لیے مختص فنڈز درست طور پر استعمال کیے جائیں۔ اس حوالے سے حکومتی پالیسی واضح ہے کہ تمام منصوبوں کی تفصیلات، لاگت، کنٹریکٹرز، تکمیل کی مدت اور پیش رفت عوام کے سامنے لائے جائیں گے تاکہ احتساب اور شفافیت کو یقینی بنایا جا سکے۔ اس سے عوام کا اعتماد بھی بڑھے گا اور منصوبوں کی نگرانی مؤثر ہوگی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منتخب عوامی نمائندوں، ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ محکموں پر یہ ذمہ داری عائد کی ہے کہ وہ باقاعدگی سے منصوبوں کا معائنہ کریں اور ناقص یا سست رفتار کام پر فوری کارروائی کریں۔ ضلع کیچ جیسے وسیع رقبے کے حامل علاقے میں پانی، تعلیم، صحت اور سڑکوں کے مسائل بنیادی نوعیت کے ہیں۔ اگر BSDI کے منصوبے کامیابی سے مکمل ہوتے ہیں تو یہ نہ صرف عوامی مشکلات کم کریں گے بلکہ معاشی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ مقامی آبادی، سماجی تنظیموں اور میڈیا کو بھی ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی میں مثبت کردار ادا کرنا چاہیے تاکہ عوامی وسائل کا درست استعمال یقینی بنایا جا سکے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل کے بعد ان کی دیکھ بھال کے لیے بھی مناسب فنڈز اور نظام وضع کیا جائے، کیونکہ کئی منصوبے تعمیر کے بعد مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث جلد غیر فعال ہو جاتے ہیں۔ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو ضلع کیچ کے لیے ایک اہم موقع ہے۔ اگر اس پروگرام کے تحت مختص فنڈز بروقت اور منصوبہ بندی کے ساتھ خرچ کیے جائیں تو یہ ضلع کیچ کی ترقی، عوامی خوشحالی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہو سکتا ہے۔

بلوچستان اور یومِ آزادی تاریخ، شناخت اور قومی یکجہتی کی ایک روشن داستان



تحریر۔ مصطفی بزدار

قوموں کی زندگی میں کچھ دن محض کیلنڈر کی تاریخ نہیں ہوتے بلکہ وہ ان کی اجتماعی یادداشت، قربانیوں، امیدوں اور مستقبل کے عزم کی علامت بن جاتے ہیں۔ 14 اگست بھی پاکستان کے لیے ایسا ہی ایک تاریخی دن ہے، جب برصغیر کے مسلمانوں نے طویل سیاسی جدوجہد، بے مثال قربانیوں اور مسلسل جدوجہد کے بعد ایک آزاد مملکت حاصل کی۔ یہ دن صرف آزادی کی خوشی نہیں بلکہ اس ذمہ داری کی بھی یاد دہانی ہے کہ اس وطن کو اتحاد، انصاف، ترقی اور باہمی احترام کی بنیاد پر مزید مضبوط بنایا جائے۔ بلوچستان کا ذکر آئے تو اس کی تاریخ، جغرافیہ اور تہذیب پاکستان کی مجموعی شناخت کا ایک اہم باب بن کر سامنے آتی ہے۔ موجودہ بلوچستان کی مختلف ریاستیں، خصوصاً قلات، مکران، لسبیلہ اور خاران، 1947 میں الگ آئینی اور سیاسی حیثیت رکھتی تھیں۔ ان ریاستوں اور پاکستان کے درمیان تعلقات مختلف آئینی، سیاسی اور انتظامی مراحل سے گزرے، جن میں مقامی حکمرانوں، قبائلی عمائدین اور ریاستی قیادت نے اپنے اپنے کردار ادا کیے۔ بالآخر یہ ریاستیں پاکستان کے وفاق کا حصہ بنیں اور ایک نئے قومی سفر کا آغاز ہوا۔ تاریخ کے ان ابواب کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ انہیں جذبات کے بجائے حقائق، دستاویزی شواہد اور اس وقت کے سیاسی حالات کے تناظر میں دیکھا جائے۔ یہی بالغ نظری ہمیں یہ سکھاتی ہے کہ تاریخ اختلافات کو دہرانے کے لیے نہیں بلکہ مستقبل کے لیے بہتر راستہ تلاش کرنے کے لیے پڑھی جاتی ہے۔ قیام پاکستان کے ابتدائی برسوں ہی سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں قومی تقریبات، یوم آزادی کی خوشیاں اور سبز ہلالی پرچم سے وابستگی کی روایات پروان چڑھتی رہیں۔ وقت گزرنے کے ساتھ یہ جذبہ مزید مضبوط ہوا۔ آج گوادر کے ساحلوں سے لے کر چاغی کے ریگزاروں، ژوب کے پہاڑوں، کوئٹہ کی وادیوں، مکران، نصیر آباد، سبی، خضدار اور ڈیرہ بگٹی تک یوم آزادی بھرپور جوش و خروش سے منایا جاتا ہے۔ گلیاں سبز ہلالی پرچموں سے سجتی ہیں، نوجوان ریلیاں نکالتے ہیں، بچے قومی ترانے گاتے ہیں، ثقافتی میلوں کا انعقاد ہوتا ہے اور مختلف زبانوں میں وطن سے محبت کے نغمے گونجتے ہیں۔ یہ مناظر اس حقیقت کا اظہار ہیں کہ بلوچستان کی ثقافتی رنگارنگی اور قومی شناخت ایک دوسرے کی تکمیل کرتی ہیں، ایک دوسرے کی نفی نہیں۔ بلوچستان صرف رقبے کے اعتبار سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ نہیں بلکہ قدرتی وسائل، معدنی ذخائر، طویل ساحلی پٹی، قدیم تہذیب، ثقافتی تنوع اور نوجوان آبادی کے اعتبار سے بھی غیر معمولی اہمیت رکھتا ہے۔ ریکوڈک اور سینڈک جیسے معدنی منصوبے، گوادر کی بندرگاہ، ساحلی معیشت، توانائی کے نئے امکانات، تعلیمی اداروں کی توسیع، سڑکوں اور مواصلاتی نظام میں بہتری اور نوجوانوں کے لیے بڑھتے ہوئے مواقع اس حقیقت کی نشاندہی کرتے ہیں کہ بلوچستان پاکستان کی ترقی کے مستقبل میں ایک مرکزی کردار ادا کر سکتا ہے۔ اس کے ساتھ یہ حقیقت بھی موجود ہے کہ بلوچستان کئی دہائیوں سے امن و امان، پسماندگی، دہشت گردی اور بعض سیاسی و سماجی چیلنجز کا سامنا کرتا رہا ہے۔ ایسے حالات میں سب سے زیادہ نقصان عام شہری کو اٹھانا پڑتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امن، مکالمہ، قانون کی حکمرانی، تعلیم، روزگار، شفاف طرز حکمرانی اور آئینی عمل کی مضبوطی کو بلوچستان کے روشن مستقبل کے لیے بنیادی ستون سمجھا جاتا ہے۔ دوسری جانب جب بھی وطن کو مشکلات کا سامنا ہوا، بلوچستان کے عوام نے ہمیشہ اپنی حب الوطنی، استقامت اور قربانیوں کا ثبوت دیا۔ قبائلی عمائدین، اساتذہ، طلبہ، نوجوان، مزدور، کسان، خواتین، سول سوسائٹی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں سے وابستہ افراد نے اپنی اپنی ذمہ داریوں کے ذریعے امن، استحکام اور ترقی کے لیے کردار ادا کیا۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بلوچستان نے بے شمار جانوں کی قربانیاں دی ہیں، جنہیں قومی تاریخ میں ہمیشہ احترام کے ساتھ یاد رکھا جائے گا۔ بلوچستان کی اصل طاقت اس کی متنوع ثقافت، مختلف زبانیں، قبائلی روایات، مہمان نوازی، رواداری اور باہمی احترام ہیں۔ یہی خصوصیات پاکستان کی اجتماعی شناخت کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ قومی یکجہتی کا مطلب یکسانیت نہیں بلکہ مختلف شناختوں، زبانوں اور ثقافتوں کو ایک مشترکہ قومی مقصد کے تحت ساتھ لے کر چلنا ہے۔ یہی وہ تصور ہے جو ایک مضبوط وفاق کی بنیاد بنتا ہے۔ یوم آزادی ہمیں یہ بھی سکھاتا ہے کہ ماضی کے سیاسی اختلافات اور تاریخی مراحل اپنی جگہ اہم ضرور ہیں، لیکن قوموں کی اصل کامیابی اس بات میں ہوتی ہے کہ وہ اپنی تاریخ سے سبق سیکھ کر مستقبل کو بہتر بنائیں۔ بلوچستان کی نئی نسل تعلیم، تحقیق، ٹیکنالوجی، کاروبار، کھیل، فنون لطیفہ اور سماجی خدمت کے میدانوں میں جس اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے، وہ اس بات کی امید دلاتی ہے کہ آنے والے برس ترقی، خوشحالی اور قومی ہم آہنگی کے ہوں گے۔ 14 اگست کا دن صرف چراغاں، آتش بازی یا تقریبات کا نام نہیں، بلکہ یہ اپنے وطن، اپنی سرزمین اور آنے والی نسلوں سے ایک نئے عہد کی تجدید کا دن ہے۔ یہ عہد کہ ہم اختلاف کو دشمنی میں نہیں بدلنے دیں گے، آئین اور قانون کی بالادستی کو مضبوط کریں گے، انصاف اور مساوی مواقع کو فروغ دیں گے، اور بلوچستان سمیت پاکستان کے ہر خطے کو ترقی کے مساوی سفر میں شریک بنانے کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ بلوچستان کی سرزمین نے پاکستان کو معدنی وسائل دیے، ساحلی اہمیت دی، بہادر سپوت دیے، ثقافتی رنگ دیے اور بے شمار قربانیاں دیں۔ آج بھی یہ سرزمین اسی امید کے ساتھ مستقبل کی جانب دیکھ رہی ہے کہ امن، ترقی، تعلیم اور باہمی احترام کی بنیاد پر ایک ایسا پاکستان تعمیر ہو جہاں ہر شہری خود کو برابر کا شریک محسوس کرے۔ یوم آزادی کا اصل پیغام یہی ہے کہ تاریخ کے مختلف سیاسی مراحل اور زمینی حقائق کے باوجود آج بلوچستان اور پاکستان کا رشتہ مشترکہ آئین، مشترکہ ذمہ داری، باہمی احترام، اجتماعی مفاد اور ایک روشن مستقبل کے عزم پر قائم ہے۔ جب تک یہ رشتہ اعتماد، انصاف، مساوات اور قومی یکجہتی سے مضبوط ہوتا رہے گا، پاکستان کا مستقبل بھی اتنا ہی روشن، مستحکم اور خوشحال ہوگا۔

بقیہ 01

کے بغیر امن کے قیام، ریاست کی رٹ کے استحکام اور شہریوں کے تحفظ کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں۔ انہی قربانیوں کی بدولت آج صوبے میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے اور دہشت گرد عناصر کے عزائم کو ناکام بنایا جا رہا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے بالخصوص زیارت کے شہدائے پولیس کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان عظیم سپوتوں نے دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہوئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے جرات، استقامت اور حب الوطنی کی ایسی مثال قائم کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ زیارت کے شہداء کی قربانیاں پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں اور حکومت بلوچستان ان کے اہل خانہ کی قربانیوں اور صبر کو سلام پیش کرتی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ حکومت بلوچستان نے شہداء کے ورثاء کی عزت، فلاح و بہبود اور مالی معاونت کو ریاستی ذمہ داری سمجھتے ہوئے متعدد عملی اقدامات کیے ہیں اور یہ سلسلہ مزید مؤثر انداز میں جاری رکھا جائے گا۔ شہداء کے اہل خانہ کی ہر ممکن دیکھ بھال، بچوں کی تعلیم، صحت اور دیگر ضروریات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان پولیس فورس کی استعداد کار میں اضافے، جدید تربیت، جدید اسلحہ، حفاظتی سازوسامان، ٹیکنالوجی اور انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے بھرپور سرمایہ کاری کر رہی ہے تاکہ پولیس ہر قسم کے سیکیورٹی چیلنجز سے مؤثر انداز میں نمٹ سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں اس امر کا تقاضا کرتی ہیں کہ ہم دہشت گردی، انتہا پسندی اور ریاست دشمن عناصر کے خلاف اپنی جدوجہد کو مزید مضبوط بنائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان میں امن کے قیام، قانون کی حکمرانی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور شہدائے پولیس کا مقدس مشن ہر قیمت پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یوم شہدائے پولیس ہمیں اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو یاد رکھنے، ان کے اہل خانہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنے اور اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا۔ حکومت بلوچستان، پولیس، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوام متحد ہو کر امن دشمن عناصر کے ناپاک عزائم کو ہمیشہ کے لیے ناکام بنائیں گے۔

بقیہ 02

کے لیے مشعل راہ ہیں۔ اپنے پیغام میں عبدالعلیم خان نے کہا کہ شہید صفوت غیور کی عظیم قربانی سمیت موٹروے پولیس کے 59 شہداء اور دیگر تمام شہداء کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ان بہادر سپوتوں نے فرض شناسی، جرات اور حب الوطنی کی شاندار مثالیں قائم کیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پیٹرولنگ افسران کے تحفظ اور عوام کو بہتر سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں، جن میں ٹول پلازوں کے قریب جدید پولیس اسٹیشنز، پارکنگ سہولیات اور ایمبولینس سروس کا قیام شامل ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ نیشنل ہائی وے اتھارٹی (این ایچ اے) کی آمدن میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جو 2024 میں 64 ارب روپے تھی اور 2026 میں بڑھ کر 127 ارب روپے سے تجاوز کر گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مالیاتی خودکفالت کے باعث ملک اپنے وسائل سے شاہراہوں کے بڑے منصوبے مکمل کر رہا ہے اور بیرونی امداد پر انحصار کم کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان سے سندھ، بلوچستان اور پنجاب تک موٹرویز اور شاہراہوں کے نیٹ ورک کو وسعت دی جا رہی ہے، جس سے ملک میں رابطہ کاری، تجارت اور معاشی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا۔ وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ مری ایکسپریس وے (IMDC) کی مظفرآباد تک توسیع سے آزاد کشمیر کے عوام کو جدید سفری سہولیات میسر آئیں گی اور یہ منصوبہ خطے کی ترقی، سیاحت اور معاشی سرگرمیوں کے لیے اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

بقیہ 03

پنڈی اسلام آباد سے کم آبادی والے علاقے کشمیر میں پہلے ایک اسٹیج پھر دوسری اسٹیج پر انتخابات کرائے گئے۔ آزاد کشمیر میں 3 فیز میں الیکشن کرانے کا جو طریقہ کار اپنایا گیا وہ غیر آئینی ہے۔ یہاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ جو لوگ اس سسٹم کو سنبھالے ہوتے ہیں ان کی ذمہ داری ہوتی ہے لوگوں کو اکٹھا بٹھا کر مسائل کا حل ڈھونڈیں، جب آپ اپنے مسائل کا حل نہیں ڈھونڈتے تو وفاق کو خطرہ میں ڈالتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد آج تک کوئی پارٹی سربراہ تین سال جیل میں نہیں رہا، ولی خان بھی مسلسل تین سال جیل میں نہیں رہے، آصف زرداری پارٹی سربراہ نہیں تھے، گزشتہ 20 سالوں میں بانی پہلے لیڈر ہیں جنہیں اتنا لمبا عرصہ جیل میں رکھا گیا، 5 اگست کو بانی کی رہائی کی تحریک کا آغاز کریں گے، میں نے نہیں سنا عینا خان انگلش میں جواب دے سکتے تھے یا نہیں، اردو ہماری قومی زبان ہے، مختلف زبانوں پر عبور ہونا چاہیے، بڑے سارے وزیر ہوتے ہیں جو انگلش نہیں پڑھ سکتے۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ میں اس بات کو سپورٹ کرتا ہوں ٹیلنٹڈ لوگوں کو آگے آنا چاہیے، آزاد کشمیر میں لوگوں نے ہمیں مس کیا، انتخابات کے بائیکاٹ کا فیصلہ عوام سے مل کر کیا تھا، کشمیر کے لوگ ووٹنگ کے موڈ میں نہیں تھے، آزاد کشمیر میں جتنا کم ٹرن آؤٹ ہوا اتنا تاریخ میں نہیں ہوا، الیکشن تب ہوتا ہے جب سب بڑھ چڑھ کر اس میں حصہ لیں، ہماری آواز کشمیری عوام کے ساتھ تھی، آزاد کشمیر حکومت ناکام ہوگئی ہے، وہاں کونسل میں ایسا انتخابات نہیں ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ راولپنڈی اسلام آباد سے کم آبادی والے علاقے کشمیر میں پہلے ایک اسٹیج پھر دوسری اسٹیج پر انتخابات کرائے گئے۔ آزاد کشمیر میں 3 فیز میں الیکشن کرانے کا جو طریقہ کار اپنایا گیا وہ غیر آئینی ہے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ 5 تاریخ کو ہماری تحریک شروع ہوگی، یہ تحریک اب بانی اور بشریٰ کی رہائی پر رکے گی، راولپنڈی رہائی فورس بنی نہیں تھی، ایک پرامن تحریک کے لیے رضا کار مانگے تھے، پھر وزیر اعلیٰ نے اپنا بیان بھی آئینی عدالت میں جمع کرایا تھا، ہمارے کسی کے ساتھ رابطہ ہے نا رابطے میں رہے ہیں، بڑا عرصہ ہوگیا ہے کہ مذاکرات نام کی کوئی چیز نہیں ہے، بڑی بدقسمتی ہے، جو لوگ سمجھتے ہیں مذاکرات کچھ نہیں اس کو پیشکش کی حد رکھتے ہیں بڑی غلطی کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی درجہ حرارت جب بڑھ جائے تو ملک اور وفاق خطرے میں پڑ جاتا ہے، جو لوگ اس سسٹم کو سنبھالے ہوتے ہیں ان کی ذمہ داری ہوتی ہے لوگوں کو اکٹھا بٹھا کر مسائل کا حل ڈھونڈیں۔ جب آپ اپنے مسائل کا حل نہیں ڈھونڈتے تو وفاق کو خطرہ میں ڈالتے ہیں، ہم شیروانیاں نہیں سلوا رہے، پیپلز پارٹی اور مولانا کے ساتھ کوئی رابطہ نہیں ہوا۔

بقیہ 04

دو سال بعد پھر اپیل کرتے ہوئے کہا کہ 5 فروری 2024 کو میں خضدار سے اغوا ہوئی اس واقعے میں ظہور جمالزئی ملوث تھے۔ میں متعلقہ اداروں سے درخواست کرتی ہوں کہ اس معاملے کی غیر جانبدار، شفاف اور فوری تحقیقات کی جائیں تاکہ حقائق سامنے آئیں اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہو۔ اغوا کے دوران مجھ سے زبردستی ویڈیوز ریکارڈ کروائی گئیں، اور اب وہ ویڈیوز سوشل میڈیا پر پھیلائی جا رہی ہیں، جس سے میری عزت، وقار اور ذہنی سکون کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ میں یہ بھی بیان کرتی ہوں کہ میرے خاندان کو مسلسل دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور ہمارے خلاف مختلف الزامات لگائے جا رہے ہیں۔ میں متعلقہ حکام سے اپیل کرتی ہوں کہ ان تمام معاملات کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور ہمیں قانونی تحفظ فراہم کیا جائے۔ میں خاص طور پر نواب ثناء اللہ خان زہری صاحب اور نعمت اللہ خان زہری صاحب سے مؤدبانہ اپیل کرتی ہوں کہ وہ اس معاملے کا نوٹس لیں اور مجھے انصاف دلانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 05

ئی کیفیت سے نکالنے کے لئے ہم ملک گیر کل پارٹیز بلائیں گے کیونکہ ہمارے پاس اسٹریٹ پاور ہے مارشل لاء کے دور میں 1973ء کے آئین میں ترامیم کر کے اس کا حلیہ بگاڑ دیا گیا ملک اور قوم کو صحیح سمت پر لے جانے اور جمہوریت کے استحکام پارلیمنٹ، عدلیہ اور میڈیا کی آزادی کیلئے آئین پر عملدرآمد کے ذریعے ہی ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی رہائش گاہ پر پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری، صوبائی جنرل سیکرٹری آغا محمود شاہ، مولوی کمال الدین، ملک سکندر خان ایڈووکیٹ، اراکین صوبائی اسمبلی میر زابد ریکی، قادر مندوخیل، سید ظفر آغا، محمد نواز کاکڑ، مولانا عبدالرحمن رفیق، سردار یحییٰ خان ناصر سمیت دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ 06

م متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل نہیں ہو جاتا۔ یوم استحصال کشمیر پر پیغام میں صدر آصف علی زرداری نے کہا کہ آج ہم یوم استحصال کشمیر پر بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ اپنی غیر متزلزل یکجہتی کا اعادہ کرتے ہیں۔ ہم ان کی بہادری، ثابت قدمی اور ناقابل تنسیخ حق خود ارادیت کے حصول کے لیے ان کی منصفانہ جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ آج بھارت کے 5 اگست 2019 کے ان غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کو سات برس مکمل ہو چکے ہیں، جن کے ذریعے اس نے بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے جموں و کشمیر کی بین الاقوامی طور پر تسلیم شدہ متنازع حیثیت کو تبدیل کرنے کی کوشش کی۔ یہ اقدامات نہ تو اس تنازع کی قانونی حیثیت کو تبدیل کر سکتے ہیں اور نہ ہی کشمیری عوام کے عزم کو متزلزل کر سکتے ہیں۔ صدر نے کہا کہ گزشتہ سات برسوں سے لاکھوں کشمیری شدید پابندیوں کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں، جس نے ان کی روزمرہ زندگی کے ہر پہلو کو متاثر کیا ہے۔ خاندان غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں، نوجوانوں کے لیے مواقع محدود ہیں اور معاشرے کو ایک طویل تنازعے اور عدم استحکام کا سامنا ہے۔ ان تمام مشکلات کے باوجود جموں و کشمیر کے عوام انصاف کے حصول اور اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کے جائز حق کے لیے ثابت قدم ہیں۔ صدر نے کہا کہ پاکستان بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ ہم ہر بین الاقوامی فورم پر اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے، جب تک کہ جموں و کشمیر کا تنازعہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق حل نہیں ہو جاتا۔ صدر نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں پائیدار اور منصفانہ امن کا قیام جموں و کشمیر کے تنازعے کے پرامن حل سے جڑا ہوا ہے۔ میں بین الاقوامی برادری، بالخصوص اقوام متحدہ، پر زور دیتا ہوں کہ وہ بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین صورتحال کا نوٹس لے اور اس دیرینہ تنازعے کے منصفانہ حل کے لیے اپنا مؤثر کردار ادا کرے۔ صدر نے کہا کہ اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے لیے میرا پیغام ہے کہ پاکستان آپ کے ساتھ مضبوطی سے کھڑا ہے۔ مشکلات کے باوجود آپ کی ثابت قدمی اور حوصلہ ہمارے لیے باعث تحریک ہے۔ آپ تنہا نہیں ہیں۔ پاکستان کے عوام آپ کے جائز حق خود ارادیت کے حصول تک آپ کے شانہ بشانہ رہیں گے۔ صدر نے کہا کہ اللہ تعالیٰ جموں و کشمیر کے عوام کو قوت، صبر اور استقامت عطا فرمائے اور انہیں انصاف اور امن کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔ پاکستان زندہ باد!

بقیہ 07

ل کیا۔ گفتگو کے دوران دونوں وزرائے خارجہ نے مشرق وسطیٰ میں تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال کا جائزہ لیا اور مقبوضہ مشرقی یروشلم میں حالیہ کشیدگی اور وہاں کی بگڑتی ہوئی انسانی و سیکیورٹی صورتحال پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ دونوں رہنماؤں نے اس امر پر زور دیا کہ خطے میں امن و استحکام کے لیے سفارتی کوششوں اور بین الاقوامی قوانین کی پاسداری ناگزیر ہے۔ اسحاق ڈار نے ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کو جلد پاکستان کے سرکاری دورے کی دعوت بھی دی تاکہ دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ سطح کے روابط کو مزید فروغ دیا جا سکے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے نئے مواقع پر پیش رفت ممکن بنائی جا سکے۔ عباس عراقچی نے دعوت پر شکریہ ادا کرتے ہوئے پاکستان کے ساتھ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ ٹیلیفونک رابطے میں پاکستان اور ایران کے درمیان تاریخی، برادرانہ اور ہمسایہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے، باقاعدہ سفارتی رابطوں کو جاری رکھنے اور خطے میں امن، استحکام اور باہمی تعاون کے فروغ کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ دونوں وزرائے خارجہ نے اس بات پر زور دیا کہ پاکستان اور ایران کے درمیان قریبی مشاورت اور تعاون نہ صرف دوطرفہ تعلقات کو مزید وسعت دے گا بلکہ خطے میں امن، استحکام اور مشترکہ ترقی کے اہداف کے حصول میں بھی اہم کردار ادا کرے گا

بقیہ 08

صولوں کی کھلی خلاف ورزی تھا۔ بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ آئینی حیثیت کو یکطرفہ طور پر تبدیل کرنے کا اقدام نہ صرف غیر قانونی ہے بلکہ اس کے خطے کے امن و استحکام کو بھی شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کشمیری عوام سے مکمل یکجہتی کے اظہار، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے اور عالمی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کی جانب مبذول کرانے کا دن ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خود ارادیت کے حصول کے لیے بے مثال قربانیاں دے رہے ہیں، جنہیں پوری پاکستانی قوم سلام پیش کرتی ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان کا موقف واضح، اصولی اور غیر متزلزل ہے کہ مسئلہ کشمیر کا واحد پائیدار حل اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق آزادانہ اور منصفانہ استصواب رائے میں مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ طاقت کے استعمال، جبر، محاصرے اور انسانی حقوق کی پامالیوں سے کشمیری عوام کے عزم کو کمزور نہیں کیا جا سکتا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کے عوام اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہیں اور ان کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی جدوجہد کی بھرپور حمایت جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم کشمیر کے معاملے پر متحد ہے اور کشمیری عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے عالمی برادری، اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (OIC) اور انسانی حقوق کے بین الاقوامی اداروں پر زور دیا کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی مسلسل خلاف ورزیوں، ماورائے عدالت قتل، جبری گمشدگیوں، اظہار رائے پر پابندیوں اور آبادی کا تناسب تبدیل کرنے کی کوششوں کا فوری نوٹس لیں اور بھارت کو بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل درآمد کا پابند بنائیں۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان اور بلوچستان کے عوام کشمیری عوام کی جائز جدوجہد میں ہمیشہ ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے اور مسئلہ کشمیر کے منصفانہ، پائیدار اور پرامن حل تک اپنی ہر ممکن سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھیں گے۔

بقیہ 09

بر علی پرویز ملک نے کہا کہ حکومت گیس سیکٹر میں مسابقتی، شفاف اور مؤثر مارکیٹ قائم کرے گی، گیس سیکٹر میں ڈی ریگولیشن کے ساتھ مضبوط ریگولیٹری نظام قائم کیا جائے گا، اوگرا کے کردار کو مزید مضبوط بنا کر مسابقتی گیس مارکیٹ کی نگرانی یقینی بنائی جائے گی۔ گیس سیکٹر میں نجی شعبے کی سرمایہ کاری اور شمولیت کے نئے مواقع پیدا کیے جائیں گے۔ گیس سیکٹر اصلاحات سے توانائی کا تحفظ مضبوط، قیمتوں میں شفافیت پیدا ہوگی، اصلاحاتی پروگرام سے سوئی کمپنیوں کا مالی مستقبل مستحکم اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔

بقیہ 10

نے کہا کہ پاکستان اور ایران کے تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات کو مضبوط معاشی شراکت داری میں تبدیل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے پاک۔ایران فری ٹریڈ ایگریمنٹ کو جلد حتمی شکل دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ سرحدی لاجسٹکس، کسٹمز کلیئرنس اور کارگو نقل و حرکت میں حائل رکاوٹوں کو دور کیے بغیر تجارتی اہداف حاصل نہیں کیے جا سکتے۔ جام کمال خان نے کہا کہ مشترکہ سرحدی منڈیوں کے قیام، الیکٹرانک ڈیٹا انٹرچینج اور جدید تجارتی سہولتوں کے ذریعے دونوں ممالک کے درمیان تجارت میں نمایاں اضافہ ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ایران کا نجی شعبہ کاروباری تعاون کے لیے مکمل طور پر تیار ہے، جبکہ حکومتوں کی ذمہ داری ہے کہ وہ سرمایہ کاروں اور تاجروں کے لیے سازگار، شفاف اور قابل اعتماد کاروباری ماحول فراہم کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ 10 واں پاک۔ایران جوائنٹ ٹریڈ کمیٹی اجلاس ایک قابل عمل روڈ میپ مرتب کرے گا، جو دونوں ممالک کے اقتصادی تعلقات کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ اس موقع پر ایرانی وزیر صنعت و تجارت ڈاکٹر محمد اتابک نے پاکستان کو ایران کا طویل المدتی اسٹریٹجک تجارتی شراکت دار قرار دیتے ہوئے کہا کہ کراچی اور گوادر بندرگاہوں کے ذریعے علاقائی تجارت، ٹرانزٹ اور لاجسٹک تعاون کو فروغ دینے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ انہوں نے پاک۔ایران فری ٹریڈ ایگریمنٹ کی جلد تکمیل کی امید ظاہر کرتے ہوئے بجلی کی تجارت، علاقائی رابطوں اور مشترکہ اقتصادی منصوبوں کو دونوں ممالک کے لیے نئے معاشی مواقع قرار دیا۔ اجلاس کے اختتام پر پاکستان اور ایران نے تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی رابطہ کاری، سرحدی انفراسٹرکچر اور نجی شعبے کے تعاون کو مزید فروغ دینے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھنے اور دوطرفہ اقتصادی شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے عزم کا اعادہ کیا

بقیہ 11

2.45 ٹریلین روپے (2,452 ارب روپے) کی ریکارڈ ریکوری کی۔ نیب کا 2026ء کی ششماہی ریکوری کا کل حجم بڑھ کر 5.41 ٹریلین روپے (5,414 ارب روپے) ہو گیا، جو اب تک کی تاریخ کی سب سے بڑی ششماہی ریکوری ہے۔ مارچ 2023 سے جون 2026 کے دوران نیب کی کل ریکوریز کا حجم 16.94 ٹریلین روپے (16,938 ارب روپے) تک پہنچ گیا ہے۔ نیب کے مطابق دوسری سہ ماہی کے دوران بلوچستان، سندھ، پنجاب اور اسلام آباد میں کل 10,78,283 ایکڑ قیمتی سرکاری زمین واگزار کرائی گئی۔ ہاؤسنگ اور مالیاتی فراڈ کے مقدمات میں 24,365 سے زائد متاثرہ افراد کو 42.303 ارب روپے کی خطیر رقم اور اثاثے واپس دلائے گئے۔ نیب سکھر نے بورڈ آف ریونیو سندھ اور سیکرٹری جنگلات کے تعاون سے این ایچ اے، جنگلات اور آبپاشی کے محکموں کی 8,53,678 ایکڑ زمین (مالیت 1.01 ٹریلین روپے) بازیاب کر کے صوبائی حکومت کے نام منتقل کی۔ نیب کے مطابق نیب بلوچستان نے کوسٹل ہائی وے، گوادر انڈسٹریل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اتھارٹی (GIEDA) اور ہنگول نیشنل پارک جیسے قدرتی ذخائر پر مشتمل 2,09,544 ایکڑ جنگلات کی زمین مالیت 604.64 ارب روپے بازیاب کی۔ نیب کراچی نے ہاؤسنگ سوسائٹیوں اور افراد کو غیر قانونی طور پر الاٹ شدہ 11,422 ایکڑ سرکاری زمین مالیت 467.11 ارب روپے بازیاب کی۔ نیب کے مطابق نیب لاہور نے پی سی بی ایل اور دیگر سرکاری نوعیت کی 1,909 ایکڑ زمین مالیت 288.29 ارب روپے قبضہ واگزار کرائی۔ نیب (اسلام آباد/راولپنڈی) نے سی ڈی اے کے فلاحی پلاٹوں پر مشتمل 810 ایکڑ زمین مالیت 66.63 ارب روپے مختلف ہاؤسنگ سوسائٹیوں سے واگزار کرائی۔ نیب ملتان نے 920 ایکڑ سرکاری زمین مالیت 2.76 ارب روپے بازیاب کی۔ نیب مکمل کاغذی کارروائی سے پاک ای-آفس اور مصنوعی ذہانت (AI) پر مبنی تحقیقاتی نظام کی جانب پیش قدم ہے۔

بقیہ 12

ی بڑھتی ہوئی استعداد کار کا واضح ثبوت ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کی کارکردگی سے متعلق منعقدہ پریس بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات و منصوبہ بندی زاہد سلیم بھی موجود تھے صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ نے اپنی تاریخ میں پہلی مرتبہ سالانہ پیش رفت رپورٹ جاری کی ہے، جس میں گزشتہ ڈھائی سال کے ترقیاتی پروگرام، حاصل ہونے والی کامیابیوں، ادارہ جاتی اصلاحات، پالیسی اقدامات اور ریگولیٹری ریفارمز کو جامع انداز میں مرتب کیا گیا ہے

بقیہ 13

اریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ، اسسٹنٹ کمشنر صحبت پور سیف الدین کھوسہ، سب ڈویژنل آفیسر ڈرینج عابد علی کھوسہ اور امتیاز علی کھوسہ کے ہمراہ جعفرآباد اور صحبت پور کے سنگم پر واقع آر ڈی 110 کے مقام پر مین حیردین ڈرینج سسٹم کا دورہ کیا اور نور واہ کے ذریعے جیکب آباد سم نالے کو مین حیردین ڈرینج سسٹم میں ڈالنے کا تفصیلی جائزہ لیا جیکب آباد کے متاثرہ سم نالے سے متعلق بریفنگ حاصل کی

بقیہ 14

کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا، جس میں پاکستان اور فرانس کے درمیان دوطرفہ تعلقات، پارلیمانی تعاون کے فروغ، تجارت و سرمایہ کاری کے مواقع اور مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے پر گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر علاقائی اور بین الاقوامی امور، بالخصوص جموں و کشمیر کی صورتحال پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ کارلوس مارٹنز بیلونگو نے مسئلہ جموں و کشمیر پر پاکستان کے مؤقف کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس تنازع کا حل بین الاقوامی قوانین اور کشمیری عوام کی امنگوں کے مطابق پرامن طریقے سے ہونا چاہیے۔ انہوں نے اپنے پارلیمانی وفد کے ہمراہ مستقبل قریب میں پاکستان کا دورہ کرنے کی بھرپور خواہش کا بھی اظہار کیا تاکہ پارلیمانی روابط کو مزید مضبوط بنایا جا سکے اور دوطرفہ تعاون کے نئے مواقع تلاش کیے جا سکیں۔ انہوں نے پاکستان کے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن کے شعبوں میں گہری دلچسپی کا اظہار کرتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ وہ ان شعبوں میں تعاون، سرمایہ کاری اور شراکت داری کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کریں گے۔ وفاقی وزیر و چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر، رانا محمد قاسم نون نے فرانسیسی رکن اسمبلی کے مثبت جذبات کا خیر مقدم کرتے ہوئے مسئلہ کشمیر پر پاکستان کے مؤقف کی حمایت پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان اور فرانس کے درمیان پارلیمانی روابط، اقتصادی تعاون اور عوامی سطح پر تعلقات کو مزید فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا اور عزت مآب کارلوس مارٹنز بیلونگو اور ان کے پارلیمانی وفد کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی۔ ملاقات کے اختتام پر وفاقی وزیر رانا محمد قاسم نون نے عزت مآب کارلوس مارٹنز بیلونگو کو دوستی اور خیر سگالی کی علامت کے طور پر یادگاری شیلڈ اور کشمیر کے روایتی مظہر (اسکارف) کا تحفہ پیش کیا، جو جموں و کشمیر کے عوام کے ساتھ پاکستان کی یکجہتی کی علامت ہے۔ عزت مآب کارلوس مارٹنز بیلونگو نے ان تحائف کو خوش دلی سے قبول کرتے ہوئے ان کی علامتی اہمیت کو سراہا اور وفاقی وزیر کا شکریہ ادا کیا۔ ملاقات خوشگوار اور دوستانہ ماحول میں اختتام پذیر ہوئی، جس میں دونوں رہنماؤں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ مسلسل پارلیمانی روابط اور باہمی تعاون پاکستان اور فرانس کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے اور مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 15

خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم اپنے بہادر سپوتوں کی قربانیوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے شہداء کے اہل خانہ اور ملک بھر میں فرائض انجام دینے والے تمام پولیس اہلکاروں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ پولیس فورس نے ہمیشہ دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف جنگ میں صف اول کا کردار ادا کیا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پولیس فورس کے بہادر مرد و خواتین اہلکاروں نے قومی سلامتی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کو اپنی جانوں پر مقدم رکھا۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس کے شہداء کی عظیم قربانیاں جرات، حب الوطنی اور وطن سے بے لوث وفاداری کی لازوال علامت ہیں۔ چیئرمین پیپلز پارٹی نے کہا کہ پولیس کے شہداء کی قربانیاں بھی فراموش نہیں کی جا سکتیں، وہ قوم کے دلوں میں ہمیشہ زندہ رہیں گے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ دہشت گردی کے خلاف متحد رہ کر، قانون کی حکمرانی اور انصاف کو مضبوط بنا کر شہداء کو حقیقی خراج عقیدت پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ ایک پرامن، جمہوری اور محفوظ پاکستان کے قیام کے لیے مل کر کام کرنا ہی پولیس کے شہداء کی قربانیوں کا حقیقی اعتراف ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے پیغام کے اختتام پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ تمام پولیس شہداء کے درجات بلند فرمائے، ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے اور وطن عزیز کو امن و استحکام کی نعمت سے مالا مال رکھے۔

بقیہ 16

لے اداروں اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے تحفظ فراہم کرنے اور اغوا میں ملوث ملزمان کو گرفتار کرنے کی دو سال بعد پھر اپیل کرتے ہوئے کہا کہ 5 فروری 2024 کو میں خضدار سے اغوا ہوئی اس واقعے میں ظہور جمالزئی ملوث تھے۔ میں متعلقہ اداروں سے درخواست کرتی ہوں کہ اس معاملے کی غیر جانبدار، شفاف اور فوری تحقیقات کی جائیں تاکہ حقائق سامنے آئیں اور ذمہ دار افراد کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی ہو۔ اغوا کے دوران مجھ سے زبردستی ویڈیوز ریکارڈ کروائی گئیں، اور اب وہ ویڈیوز سوشل میڈیا پر پھیلائی جا رہی ہیں، جس سے میری عزت، وقار اور ذہنی سکون کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ میں یہ بھی بیان کرتی ہوں کہ میرے خاندان کو مسلسل دھمکیاں دی جا رہی ہیں اور ہمارے خلاف مختلف الزامات لگائے جا رہے ہیں۔ میں متعلقہ حکام سے اپیل کرتی ہوں کہ ان تمام معاملات کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور ہمیں قانونی تحفظ فراہم کیا جائے۔ میں خاص طور پر نواب ثناء اللہ خان زہری صاحب اور نعمت اللہ خان زہری صاحب سے مؤدبانہ اپیل کرتی ہوں کہ وہ اس معاملے کا نوٹس لیں اور مجھے انصاف دلانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 17

ی فلاح و بہبود، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی تیز رفتار تکمیل، غیر قانونی طور پر مقیم تارکین وطن کی واپسی کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر متعلقہ سیکرٹریز، ڈپٹی کمشنرز، کمشنرز نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے تمام آفیسران کو ہدایت کی کہ عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت حاضر رہیں اور اپنے محکموں کو عوامی شکایات کے فوری ازالے کے لیے مزید متحرک کریں۔ انہوں نے کہا کہ پانی، صحت، تعلیم اور سڑکوں سمیت بنیادی سہولیات کی فراہمی اہم صوبائی ترجیحات میں شامل ہیں اور ان کی فراہمی کو مزید فعال بنایا جائے۔ اس موقع پر اجلاس کو بتایا گیا کہ مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن سیکشن کے تحت 516 منصوبوں کی تکمیل کو یقینی بنایا گیا ہے، مانیٹرنگ کو مزید مؤثر بنا کر باقی منصوبوں کی جلد تکمیل یقینی بنائی جائے۔ پی ایس ڈی پی کے پہلے اور دوسرے مرحلے میں کل 047,4 ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے تھے جن میں سے تقریباً 90 فیصد منصوبے مکمل ہو چکے ہیں۔ اجلاس میں زرعی انکم ٹیکس کی کلیکشن کو یقینی بنانے کی ہدایت دی گئی تاکہ محاصل کی شفاف وصولی اور محکموں کی مالی استعداد بہتر بنائی جا سکے۔ چیف سیکرٹری نے اشیاء خوردونوش کی قیمتوں کے کنٹرول کے حوالے سے بھی سخت نگرانی کی ہدایت کی تاکہ منظم طریقے سے عوام کو ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ صوبے میں پچھلے ماہ میں 53 کھلی کچہریاں منعقد کی جا چکی ہیں جن میں 953 شکایات درج ہوئیں۔ چیف سیکرٹری نے متعلقہ آفیسران کو ہدایت کی کہ درج شدہ شکایات کا جلد ازالہ کریں اور متاثرہ افراد کو بروقت جوابدہی فراہم کریں۔ صوبائی سطح پر بارودی مواد اور مخصوص فرٹیلائزرز کی فروخت، نقل و حمل پر 15 روز کے لیے پابندی عائد کی گئی ہے۔ اس دوران حفاظتی قواعد و ضوابط پر عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے۔ مختلف اضلاع میں آفیسران کی رہائش کے لیے پری فیب (prefab) ہاؤسز کی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے اس سے سروس ڈیلیوری میں بہتری اور آفیسرز کی سہولت کو یقینی بنایا جا سکے گا۔ چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ ان تعمیراتی منصوبوں، خاص طور پر پری فیب ہاؤسز اور سرکاری عمارتوں میں پلانٹیشن کی جائے تاکہ ماحولیاتی بہتری، شجرکاری اور گریننگ کو فروغ ملے۔ چیف سیکرٹری نے زور دیا کہ صوبائی مشینری متحدہ طور پر عوامی فلاح و بہبود کے لیے کام کرے اور ہر ضلع میں عوامی مسائل کے حل کے لیے مربوط حکمت عملی اپنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں کی بروقت تکمیل اور شفافیت حکومتی کارکردگی کی اہم نشانی ہے اور اس پر مسلسل مانیٹرنگ جاری رہے گی۔

بقیہ 18

ور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے درمیان سوشل میڈیا پر لفظی جنگ چھڑ گئی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے ویڈیو پیغام میں مسلم لیگ (ن) کو مخاطب کرتے ہوئے کہا، ''میرے ن لیگی دوستو، ذرا غور سے سنیے، ٹک ٹاک، ٹک ٹاک، آپ کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔'' اس بیان پر پنجاب کی وزیر اطلاعات و ثقافت عظمیٰ زاہد بخاری نے سوشل میڈیا پر طنزیہ ردعمل دیتے ہوئے لکھا، ''اُف! ہم ڈر گئے، اب کیا ہوگا؟'' دونوں جماعتوں کے رہنماؤں کے درمیان بیانات کے تبادلے کے بعد سیاسی حلقوں میں نئی بحث چھڑ گئی، جبکہ سوشل میڈیا پر بھی صارفین اس معاملے پر مختلف آراء کا اظہار کر رہے ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما شرمیلا فاروقی بھی اس بحث میں شامل ہو گئیں۔ انہوں نے عظمیٰ بخاری کے بیان کا جواب دیتے ہوئے کہا، ''ڈرنا تو چاہیے، کیونکہ جواب بھی دینا ہوگا اور حقیقت بھی ایک دن سامنے آئے گی۔'' ادھر سوشل میڈیا پر متعدد صارفین نے دونوں جماعتوں کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے دعویٰ کیا کہ بظاہر ایک دوسرے کے خلاف سخت بیانات دیے جا رہے ہیں، تاہم حقیقت میں دونوں جماعتیں ایک ہی صفحے پر ہیں۔

بقیہ 19

کہا ہے کہ بلاول بھٹو بول بڑا کریں، لیڈر شکست پر روتے اچھے نہیں لگتے۔ پونچھ ڈویژن کے انتخابی جائزہ اجلاس میں بات کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے پہلے 2 مراحل میں مسلم لیگ ن کی کامیابی وفاقی و پنجاب حکومت کی کارکردگی پر کشمیری عوام کے بھرپور اعتماد کی مہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں نے کام اور کارکردگی کو ووٹ دیا، پاکستان کا ہر علاقہ پنجاب جیسا بننا چاہتا ہے۔ اجلاس میں ضلعی کوآرڈینیٹرز، حلقہ کوآرڈینیٹرز اور پونچھ ڈویژن سے ن لیگ کے امیدوار شریک ہوئے۔ تیسرے مرحلے کے لیے ن لیگ کی انتخابی مہم اور پولنگ ڈے حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 20

جبکہ مردوں اور خواتین سمیت 9 افراد شدید زخمی ہو گئے۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق حادثے کے فوراً بعد ریسکیو ٹیموں اور مقامی افراد نے زخمیوں کو پرنس فہد اسپتال دالبندین منتقل کیا، جہاں انہیں ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی۔ زخمیوں میں سے متعدد افراد کی حالت تشویشناک ہونے کے باعث انہیں مزید علاج کے لیے کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق حادثہ ایک کار اور پک اپ گاڑی کے درمیان تصادم کے نتیجے میں پیش آیا۔ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 21

عقیدت پیش کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ملک میں امن کے قیام اور جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پولیس شہداء ہمارے سروں کے تاج ہیں، تاقیامت بھی پولیس شہداء کا احسان نہیں اتار سکتے۔ ہم سب پولیس شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمیشہ ساتھ کھڑا رہیں گے۔ اجلاس میں ملک بھر کیلئے یکساں پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے نظام کی اصولی منظوری دی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اب نیشنل پولیس بیورو سے پولیس کلیرنس سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا، پولیس کلیرنس سرٹیفکیٹ کے پیچیدہ عمل کو اب تیز اور مکمل آن لائن کیا گیا ہے۔ شہری گھر بیٹھے نیشنل پولیس بیورو پورٹل کے ذریعے پولیس کلیرنس سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں گے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ کیلئے بھی یکساں نظام وضع کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ پولیس کلیرنس سرٹیفکیٹ اور انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ کے یکساں نظام سے بیرون ملک جانے والے شہریوں کو آسانی ہوگی، نیشنل پولیس بیورو کو فعال اور متحرک ادارہ بنانا ہماری ترجیح ہے۔ وزیر داخلہ نے نیشنل پولیس بیورو کی عمارت کی تزئین و آرائش کا معائنہ کیا۔ ڈی جی نیشنل پولیس بیورو نے وزیر داخلہ کو تفصیلی بریفنگ دی۔

بقیہ 22

میں تازہ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے متعدد ٹھکانے تباہ کر دیے گئے، جبکہ کارروائی میں متعدد دہشت گرد مارے گئے اور کئی دیگر کے زخمی ہونے کی اطلاعات بھی ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق انٹیلی جنس کی بنیاد پر کی گئی کارروائیوں کے دوران دہشت گردوں کے زیر استعمال مختلف ٹھکانوں کو نشانہ بنایا گیا، جہاں سے بھاری مقدار میں اسلحہ، گولہ بارود اور دیگر جنگی سامان بھی برآمد کیا گیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آپریشن انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں انجام دیا گیا، جس میں اس امر کو خصوصی طور پر یقینی بنایا گیا کہ عام شہریوں کے جان و مال کا مکمل تحفظ رہے اور مقامی آبادی کو کسی قسم کا نقصان نہ پہنچے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق خیبر پختونخوا میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور پائیدار امن کے قیام تک انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز بلاتعطل جاری رہیں گے، جبکہ دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں پوری قوت کے ساتھ جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ بھی کیا گیا۔ #/s#

بقیہ 23

ہے، پاسکو کے ذخائر میں موجود تمام 10 لاکھ ٹن گندم بھی صوبوں کو دینے کی تجویز ہے، پاسکو کی گندم کے علاوہ صوبوں کی باقی ضروریات درآمد سے پوری کی جائیں گی۔ ذرائع کے مطابق پاسکو کی گندم کے لیے لاگت کا تخمینہ 141 ارب روپے لگایا گیا ہے، گندم کی درآمدات پر اخراجات کا تخمینہ 34 کروڑ ڈالرز ہو سکتا ہے، صوبوں نے اپنے گندم کے اسٹریٹجک ذخائر میں نمایاں قلت کو رپورٹ کیا، اس لیے گندم کی بلاتعطل دستیابی کے لیے اضافی اقدامات کی ضرورت ہے، ذرائع کے مطابق ای سی سی نے گندم درآمد سے متعلق نائب وزیر اعظم کی سربراہی میں اسٹریٹجک کمیٹی تشکیل دے رکھی ہے۔

بقیہ 24

چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے 4 اگست یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وطن کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے ان بہادر محافظوں کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ عزت، فخر اور احترام سے یاد رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس فورس وطن کے امن، قانون کی حکمرانی اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کی علامت ہے۔ دہشت گردی، انتہا پسندی اور جرائم کے خلاف ہر محاذ پر پولیس کے افسران اور اہلکاروں نے جس بے مثال بہادری، فرض شناسی اور استقامت کا مظاہرہ کیا، وہ پوری قوم کے لیے باعث افتخار ہے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ شہدائے پولیس نے اپنے لہو سے امن کی شمع روشن رکھی، جبکہ زخمی غازیوں نے اپنی جرات اور قربانی سے فرض شناسی کی نئی تاریخ رقم کی۔ قوم ان عظیم سپوتوں کی قربانیوں کی ہمیشہ مقروض رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ جو قومیں اپنے شہداء کو عزت دیتی ہیں، وہی مضبوط، باوقار اور محفوظ مستقبل کی بنیاد رکھتی ہیں۔ آج کا دن ہمیں اس عزم کی تجدید کا پیغام دیتا ہے کہ ہم شہداء کے مشن کو آگے بڑھائیں گے، قانون کی پاسداری کریں گے اور امن کے قیام کے لیے ہر ممکن کردار ادا کریں گے۔ سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا کہ شہدائے پولیس کے اہل خانہ پوری قوم کا سرمایہ ہیں، ان کی عزت، فلاح و بہبود اور ہر ممکن معاونت، ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی، زخمی اہلکاروں کی جلد و مکمل صحت یابی اور ملک میں پائیدار امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ شہدائے پولیس ہمارا قومی فخر ہیں۔ ان کی قربانیاں ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گی اور آنے والی نسلوں کے لیے حوصلے، وفا اور حب الوطنی کی روشن مثال بنی رہیں گی۔

بقیہ 25

عقیدت پیش کیا گیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ملک میں امن کے قیام اور جرائم کے خاتمے کیلئے پولیس شہداء کی عظیم قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ پولیس شہداء ہمارے سروں کے تاج ہیں، تاقیامت بھی پولیس شہداء کا احسان نہیں اتار سکتے۔ ہم سب پولیس شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمیشہ ساتھ کھڑا رہیں گے۔ اجلاس میں ملک بھر کیلئے یکساں پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے نظام کی اصولی منظوری دی گئی۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ اب نیشنل پولیس بیورو سے پولیس کلیرنس سرٹیفکیٹ جاری کیا جائے گا، پولیس کلیرنس سرٹیفکیٹ کے پیچیدہ عمل کو اب تیز اور مکمل آن لائن کیا گیا ہے۔ شہری گھر بیٹھے نیشنل پولیس بیورو پورٹل کے ذریعے پولیس کلیرنس سرٹیفکیٹ حاصل کر سکیں گے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ کیلئے بھی یکساں نظام وضع کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ پولیس کلیرنس سرٹیفکیٹ اور انٹرنیشنل ڈرائیونگ پرمٹ کے یکساں نظام سے بیرون ملک جانے والے شہریوں کو آسانی ہوگی، نیشنل پولیس بیورو کو فعال اور متحرک ادارہ بنانا ہماری ترجیح ہے

بقیہ 26

ور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے درمیان سوشل میڈیا پر لفظی جنگ چھڑ گئی ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے ویڈیو پیغام میں مسلم لیگ (ن) کو مخاطب کرتے ہوئے کہا، ''میرے ن لیگی دوستو، ذرا غور سے سنیے، ٹک ٹاک، ٹک ٹاک، آپ کی الٹی گنتی شروع ہو چکی ہے۔

بقیہ 01

ف صوبے بلکہ پورے ملک کے امن، استحکام اور ترقی کی ضمانت ہے۔ امن کے قیام سے سرمایہ کاری، کاروباری سرگرمیوں اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہو رہے ہیں، جس کے مثبت اثرات عوام کی زندگیوں پر نمایاں طور پر مرتب ہو رہے ہیں۔ بلال خان کاکڑ نے کہا کہ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی صوبے کو ترقی، خوشحالی اور پائیدار استحکام کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے مخلصانہ اور موثر اقدامات کر رہے ہیں۔ صوبائی حکومت سرمایہ کار دوست پالیسیوں، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، صنعتی ترقی اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، جس کے نتیجے میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے لیے سازگار ماحول فروغ پا رہا ہے۔

بقیہ 02

لدین نورزئی نے کہا کہ نصیر آباد ڈویژن نے کہا کہ ہماری ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ صرف انہی سینئر پٹواریوں کو ترقی دی جائے جو قواعد کے مطابق اس کے حقدار ہیں، کیونکہ اس سے نہ صرف ملازمین میں پائی جانے والی مایوسی کا خاتمہ ہوگا بلکہ وہ مزید جذبے اور ذمہ داری کے ساتھ عوامی خدمت اور مفاد عامہ کے لیے اپنی صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 03

کے گا بھارت ظلم و جبر کے ذریعے کشمیری عوام کی آواز کو دبانے میں کبھی بھی کامیاب نہیں ہو سکتا صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی نے عالمی برادری اقوام متحدہ اور او آئی سی سے مطالبہ کیا کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لیا جائے اور کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دلانے کے لیے موثر کردار ادا کیا جائے پاکستانی قوم ہر مشکل گھڑی میں اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کھڑی تھی، ہے اور ہمیشہ کھڑی رہے گی انشاءاللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیر پاکستان کا حصہ بن جائے گا اور کشمیری عوام کو حق خودارادیت مل جائے گی۔

بقیہ 04

ہے۔ عالمی برادری کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ کشمیریوں کے یوم استحصال پر پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج یوم استحصال کے موقع پر حکومت پاکستان اور پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ بھرپور انداز میں غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ ہم اس دن کو اس عزم کے ساتھ مناتے ہیں کہ دنیا کو بھارت کے 5 اگست 2019 کے ان غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کے سنگینی کی یاد دہانی کرائی جائے جن کے ذریعے اس نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر (IIOJK) کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع حیثیت کو تبدیل کرنے کی کوشش کی۔ یہ اقدامات بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی صریحاً خلاف ورزی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سات برس گزر جانے کے باوجود یہ غیر قانونی اقدامات نہ تو جموں و کشمیر کی قانونی حیثیت تبدیل کر سکے ہیں اور نہ ہی کشمیری عوام کے اپنے جائز حق خودارادیت کے حصول کے عزم پختہ کو کمزور کر سکے ہیں۔ ان اقدامات نے بھارتی ریاستی جبر میں اضافہ کیا، بنیادی آزادیوں کو محدود کیا اور غیر قانونی قانون سازی و انتظامی اقدامات کے ذریعے مقبوضہ علاقے کے آبادیاتی تناسب کو تبدیل کرنے کی مکروہ کوششوں کو مزید تیز کیا۔ بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر میں عوام کی حقیقی سیاسی قیادت کو مسلسل دبانا، شہری آزادیوں پر قدغنیں عائد کرنا اور آزاد ذرائع ابلاغ پر پابندیاں برقرار رکھنا شدید تشویش کا باعث ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان تمام مشکلات کے باوجود کشمیری عوام کا حوصلہ، استقامت اور ثابت قدمی آج بھی غیر متزلزل ہے۔ اپنے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کے حصول کے لیے ان کی پُرامن اور منصفانہ جدوجہد آج بھی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ کشمیریوں کی مثالی جدوجہد انصاف، انسانی وقار اور بین الاقوامی قانون کی بالادستی پر یقین رکھنے والے تمام افراد اور اقوام کی حمایت اور احترام کی مستحق ہے۔ جموں و کشمیر کا تنازع جنوبی ایشیا میں امن و استحکام کے لیے سب سے بنیادی اور دیرینہ حل طلب مسئلہ ہے۔ خطے میں پائیدار امن، طاقت کے استعمال یا یکطرفہ اقدامات سے نہیں بلکہ کشمیری عوام کی امنگوں اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق اس تنازع کے منصفانہ اور پُرامن حل سے ہی ممکن ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ بین الاقوامی برادری کو محض تشویش کے اظہار تک محدود رہنے کے بجائے اس دیرینہ تنازع کے منصفانہ اور دیرپا حل کے لیے اپنا مؤثر اور ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس موقع پر میں ایک بار پھر اس امر کا اعادہ کرتا ہوں کہ جموں و کشمیر کے تنازع کا منصفانہ اور پُرامن حل پاکستان کی خارجہ پالیسی کا بنیادی ستون ہے۔ پاکستان کشمیری عوام کی سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا اور ان کی آواز کو ہر علاقائی اور بین الاقوامی فورم پر پوری قوت سے بلند کرتا رہے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی برادری سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ بھارت پر زور دے کہ وہ غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں بند کرے، اگست 2019 سے نافذ کیے گئے اپنے غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات واپس لے، جموں و کشمیر کے عوام پر مسلط جابرانہ قوانین کا خاتمہ کرے اور ایسا سازگار ماحول پیدا کرے تاکہ کشمیری عوام اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کے مطابق اپنے حق خودارادیت کو آزادانہ طور پر استعمال کرتے ہوئے جموں و کشمیر کے تنازع کے پُرامن اور منصفانہ حل کی راہ ہموار کر سکیں۔

بقیہ 05

نے منگل کو سرکی کلاں میں میر فہیم، شعیب جان محمد حسنی، علی جان، افضل جتوئی کی اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پیپلز پارٹی میں شمولیت کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ تقریب سے صوبائی رہنما شیخ یاسر بشیر، پی پی پی کوئٹہ سٹی کے نائب صدر ڈاکٹر سبحان ترین، نائب صدر حاجی محمد سعید جدون، ڈپٹی جنرل سیکریٹری ملک شاہزیب کاسی، کوئٹہ سٹی کے سینئر رہنما ملک عبدالرشید دہوار، ملک عبداللطیف دہوار، شہزاد احمد، ملک ظہور دمڑ و دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر میر فہیم، شعیب جان محمد حسنی، علی جان، افضل جتوئی نے اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری، صدر مملکت آصف علی زرداری، آصفہ بھٹو زرداری، فریال تالپور، صوبائی صدر و سینئر سردار عمر گورگیج اور سٹی صدر نورالدین کاکڑ کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے باقاعدہ پاکستان پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ربانی کاکڑ، کوئٹہ سٹی کے صدر نورالدین کاکڑ اور دیگر رہنماؤں نے نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو پاکستان پیپلز پارٹی میں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے کہا کہ نئے ساتھیوں کی شمولیت سے پاکستان پیپلز پارٹی سرکی کلاں اور کوئٹہ میں مزید فعال اور منظم ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی تمام زبانیں بولنے والوں کا ایک خوبصورت گلدستہ ہے اور پاکستان پیپلز پارٹی جمہوریت اور پارلیمنٹ کی بالادستی پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کی صوبے میں اسوقت پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرتے اور انہیں روزگار کی فراہمی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اب تک ہزاروں نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی یقینی بنائی گئی ہے جبکہ نوجوانوں کو ہنرمند بنا کر روزگار کیلئے بیرون ملک بھی بھیجا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت، جمہوریت اور عوامی حقوق کے تحفظ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔

بقیہ 06

اہی کو یقینی بنانے کے لیے بھرپور اور موثر آپریشن کیا اس سلسلے میں قبو ڈسٹری کے تمام واٹر کورسز کو عارضی طور پر بند کیا گیا تاکہ پانی کی بلاتعطل روانی کو یقینی بنایا جا سکے اور یہ بغیر کسی رکاوٹ کے ٹیل اینڈ تک پہنچ سکے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ایریگیشن کے افسران رات گئے تک موقع پر موجود رہے اور پانی کی ترسیل کی مسلسل نگرانی کرتے رہے ان مشترکہ اور مربوط کوششوں کے نتیجے میں رات 12 بجے قبو ڈسٹری کے آخری سرے باغ ٹیل تک پانی کامیابی سے پہنچا دیا گیا جس سے علاقے میں پینے کے پانی کی قلت کا سامنا کرنے والے عوام کو فوری ریلیف فراہم ہوا ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے اس موقع پر کہا کہ ٹیل اینڈ کے عوام کے حقوق کا ہر صورت تحفظ یقینی بنایا جائے گا اور پانی کی منصفانہ تقسیم پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا انہوں نے واضح کیا کہ غیر قانونی واٹر کورسز ناجائز مداخلت اور پانی کی چوری کے خلاف بلاامتیاز کارروائی جاری رہے گی تاکہ ہر علاقے کو اس کا جائز حصہ فراہم کیا جا سکے ضلعی انتظامیہ اور محکمہ ایریگیشن نے زمینداروں اور عوام کے تعاون کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ آئندہ بھی پانی کی منصفانہ تقسیم اور ٹیل اینڈ کے حقوق کے تحفظ کے لیے اسی جذبے کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 07

ں کو بھی فراموش نہیں کر سکتی، جنہوں نے امن، قانون کی بالادستی اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے اپنی جانیں قربان کر دیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پولیس فورس دہشت گردی، جرائم اور امن دشمن عناصر کے خلاف پہلی دفاعی صف میں کھڑی رہتی ہے۔ ہمارے پولیس افسران اور اہلکار شدید خطرات، دشوار حالات اور مسلسل چیلنجز کے باوجود، جس جرات، فرض شناسی اور استقامت کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، وہ پوری قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے پولیس کی لازوال قربانیاں اس بات کا روشن ثبوت ہیں کہ وطن کی سلامتی اور عوام کے تحفظ سے بڑھ کر کوئی مقصد نہیں۔ ان عظیم سپوتوں نے اپنے خون سے امن، قانون اور انصاف کی شمع روشن رکھی، جس پر پوری قوم انہیں سلام پیش کرتی ہے۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پولیس کے زخمی غازی بھی ہمارے قومی ہیروز ہیں، جنہوں نے اپنی جانوں کی پروا کیے بغیر دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کا بہادری سے مقابلہ کیا۔ ان کی جرات، قربانی اور عزم آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یوم شہدائے پولیس ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے، ان کے اہل خانہ کے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کریں گے اور ایک پرامن، محفوظ اور خوشحال پاکستان کی تعمیر کے لیے متحد ہو کر اپنا کردار ادا کریں گے۔ میر علی حسن زہری نے اپنے بیان کے اختتام پر شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی، مختلف واقعات میں زخمی اہلکاروں کی جلد و مکمل صحت یابی اور پولیس فورس کی مزید کامیابی، استقامت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی پولیس قوم کا فخر ہے، اور اس کے بہادر شہداء ہمیشہ ہمارے دلوں میں زندہ رہیں گے۔

بقیہ 08

ر نوجوانوں کو آگے لائیں تاکہ وہ عوام کی مزید بہتر طریقے سے خدمت کر سکیں، ووٹ لیکر آنے والے اور پڑھے لکھے نوجوان ارکان اسمبلی نوابزادہ میر زرین خان مگسی، زرک خان مندوخیل، حاجی طور خان اوتمانخیل کو مخصوص نشست والوں سے وزارت لیکر انہیں دی جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور وزیراعلیٰ بلوچستان تمام اہم امور گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے مشاورت کے بعد انجام دیتے ہیں جو خوش آئند بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں مسلم لیگ (ن) کی مخصوص نشست پر آنے والوں کو وزارت دی گئی جو عوام کی خدمت نہیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے انتخابات میں عوام کے ووٹ کی طاقت سے آنے والے نوجوان اور پڑھے لکھے ارکان اسمبلی نوابزادہ زرین خان مگسی، زرک خان مندوخیل، حاجی طور خان اوتمانخیل کو فوری طور پر وزارت دی جائے کیونکہ وہ عوام کے مسائل حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان ارکان اسمبلی کا ماضی بے داغ ہے اور اگر انہیں وزارت دی جائے تو وہ عوام کی مزید بہتر طریقے سے خدمت کر سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کے صوبائی وزراء جو عوام اور کارکنوں کے مسائل حل نہیں کر رہے ہیں ان سے فوری طور پر وزارتیں واپس لیکر نوجوان ارکان اسمبلی کو دی جائیں۔

بقیہ 09

انفرادی اور اجتماعی مسائل پیش کیے، جنہیں صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ نے توجہ اور ہمدردی سے سنا صوبائی وزیر نے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے اور جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی یقین دہانی کرائی انہوں نے بعض مسائل کے حوالے سے متعلقہ حکام کو فوری طور پر ضروری کارروائی اور پیش رفت کی ہدایات بھی جاری کیں حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ عوام کے مسائل کا حل اور ان کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے۔ زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سمیت اپنے حلقے کے دور دراز علاقوں کے عوام سے مسلسل رابطہ رکھا جا رہا ہے اور ان کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ عوام کی خدمت کو اپنا فرض سمجھتا ہوں اور لوگوں کے مسائل کے حل کے لیے میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں۔

بقیہ 10

ابراہیم، نائب امیر مولانا محمد عاصم، نائب امیر مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری، سیکرٹری اطلاعات ملک امان اللہ ناصر، ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا سیف اللہ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری قاری سنزر خان رحمی، مولانا صادق خوستی، ملک داد محمد، ڈیجیٹل میڈیا کوآرڈینیٹر عطاء اللہ کاکڑ، سید محمد ہوتک سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ شرکاء نے شہید انسپکٹر جاندار شہوزئی کی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دہشت گردی اور جرائم کے خلاف جدوجہد میں اپنی جان کا نذرانہ پیش کر کے وطن اور عوام کے تحفظ کی روشن مثال قائم کی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ پولیس کے شہداء پوری قوم کا سرمایہ ہیں اور ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اس موقع پر حکومت بلوچستان کی جانب سے دوسڑکہ تھانے کو شہید انسپکٹر جاندار شہوزئی کے نام سے منسوب کرنے کے فیصلے کو تاریخی اور قابل تحسین اقدام قرار دیا گیا۔ شرکاء نے کہا کہ اس فیصلے سے نہ صرف شہید کی خدمات کا اعتراف ہوگا بلکہ آنے والی نسلوں کو بھی وطن کی خاطر قربانی دینے والے بہادر سپوتوں کی یاد ہمیشہ تازہ رہے گی تقریب کے دوران شہید کے اہل خانہ سے اظہار یکجہتی کیا گیا اور انہیں یقین دلایا گیا کہ بلوچستان پولیس اور پوری قوم اپنے شہداء اور ان کے خاندانوں کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی۔ شرکاء نے شہداء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور خصوصی دعا بھی کی۔ ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلوچستان پولیس کے جوان امن و امان کے قیام کے لیے شب و روز خدمات انجام دے رہے ہیں، جبکہ شہداء کی عظیم قربانیاں فورس کے لیے مشعل راہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی یاد کو زندہ رکھنا اور ان کے اہل خانہ کی ہر ممکن معاونت کرنا بلوچستان پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ ڈپٹی کمشنر حسیب شجاع اور ایس ایس پی ڈاکٹر فہد احمد نے بھی اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشت گردی اور جرائم کے خلاف جدوجہد پوری قوت سے جاری رہے گی اور شہداء کے مشن کو ہر صورت آگے بڑھایا جائے گا۔ تقریب کے اختتام پر ملک میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ شرکاء نے اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ وہ شہید انسپکٹر جاندار شہوزئی سمیت بلوچستان پولیس اور ملک کے تمام شہداء کے درجات بلند فرمائے، ان کے اہل خانہ کو صبر جمیل عطا کرے اور پاکستان کو ہمیشہ امن و سلامتی کا گہوارہ بنائے۔

بقیہ 11

موسمیاتی تبدیلیوں کے منفی اثرات میں کمی اور آنے والی نسلوں کو صحت مند ماحول کی فراہمی کے لیے نہایت اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ درخت قدرت کا قیمتی سرمایہ ہیں اور سرسبز و شاداب ماحول کے فروغ کے لیے زیادہ سے زیادہ درخت لگانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں اور عوام پر زور دیا کہ وہ مون سون شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لیتے ہوئے زیادہ سے زیادہ پودے لگائیں اور ان کی نگہداشت کو بھی یقینی بنائیں تاکہ ماحول کو بہتر بنایا جا سکے اور آئندہ نسلوں کے لیے ایک محفوظ اور سرسبز مستقبل کی بنیاد رکھی جا سکے۔

بقیہ 12

ٹاؤن بحالی منصوبے کے تحت گوادر کے تاریخی اور قدیم تعلیمی ادارے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گوادر کی تعمیر، توسیع، بحالی اور تزئین و آرائش کا جامع منصوبہ کامیابی سے مکمل کر لیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ اہل گوادر کے دیرینہ مطالبے اور معیاری تعلیمی سہولیات کی عوامی خواہش کی عملی تعبیر ہے، جس کا مقصد طالبات کو محفوظ، جدید اور سازگار تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ شہر کے تاریخی تعلیمی ورثے کا تحفظ بھی ہے۔ منصوبے کی تکمیل کے بعد سکول کی عمارت جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہو چکی ہے اور طالبات کو معیاری تعلیم کے لیے بہتر سہولیات میسر آ گئی ہیں منصوبے کے تحت موجودہ کلاس رومز کی مکمل بحالی، نئے کلاس رومز کی تعمیر، کثیر المقاصد ہال، جدید لائبریری، لینڈ اسکیپنگ، دو نئے داخلی گیٹس، انتظامی بلاک کی مرمت و تزئین، زیر زمین واٹر اسٹوریج ٹینک، معیاری فرنیچر، بجلی اور پلمبنگ کے جدید نظام، بجلی کا ٹرانسفارمر، سولرائزیشن، چار دیواری، ٹف ٹائل ورک اور دیگر بنیادی انفراسٹرکچر کی تعمیر و ترقی شامل ہے، جس سے تعلیمی ماحول اور بنیادی سہولیات میں نمایاں بہتری آئی ہے یہ منصوبہ صرف ایک سکول کی بحالی نہیں بلکہ گوادر میں تعلیم دوست پالیسی، خواتین کی تعلیم کے فروغ، تاریخی ورثے کے تحفظ اور پائیدار ترقی کے حکومتی عزم کا عملی مظہر ہے۔ حکومت بلوچستان اس عزم پر کاربند ہے کہ نوجوان نسل، بالخصوص طالبات کو جدید اور معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کر کے انہیں قومی ترقی میں موثر کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جائے، جبکہ اولڈ ٹاؤن گوادر کی تاریخی شناخت کو محفوظ رکھتے ہوئے اسے ایک جدید، خوبصورت اور ترقی یافتہ شہری مرکز میں تبدیل کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 13

کے دوران انہوں نے سکیورٹی انتظامات، ٹریفک پلان اور دیگر انتظامی امور کا جائزہ لیا تاکہ عزاداروں کو پرامن اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ اس موقع پر پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے سکیورٹی کے فل پروف انتظامات کیے گئے تھے۔ اس کے علاوہ متعلقہ اداروں کو ہدایت کی گئی کہ چہلم کے دوران مجالس اور جلوسوں کے روٹس پر فول پروف انتظامات کو یقینی بنایا جائے اور عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جائے۔

بقیہ 14

زیر اہتمام جاری فٹبال ٹورنامنٹ کے دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے بھرپور جوش و خروش سے جاری ہیں ٹورنامنٹ میں کھیلے گئے اہم میچ میں شاہد میموریل فٹبال کلب کراچی نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ڈی ایف اے حب کو صفر کے مقابلے میں چار گول سے شکست دے کر کامیابی اپنے نام کر لی۔ شائقین فٹبال کی بڑی تعداد نے میچ سے بھرپور لطف اٹھایا اور دونوں ٹیموں کی حوصلہ افزائی کی میچ کے مہمان خصوصی چیئرمین ضلع کونسل گوادر شئے مختار بلوچ تھے، جن کا اسٹیڈیم آمد پر تپاک استقبال کیا گیا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی کا دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں اور میچ آفیشلز سے تعارف کرایا گیا، جبکہ انہوں نے میچ کے آغاز سے قبل کھلاڑیوں سے مصافحہ بھی کیا اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے شئے مختار بلوچ نے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی ذہنی و جسمانی نشوونما، مثبت سوچ، نظم و ضبط، برداشت اور اتحاد کو فروغ دینے میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو صحت مند اور تعمیری سرگرمیوں کی طرف راغب کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ وہ منفی رجحانات سے محفوظ رہتے ہوئے ملک و قوم کی ترقی میں موثر کردار ادا کر سکیں انہوں نے کہا کہ جشن آزادی کپ کو شہید ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ کے نام سے منسوب کرنا ایک قابل تحسین اقدام ہے۔ شہید ذاکر بلوچ نے بطور انتظامی افسر گوادر اور اس کے عوام کی بے لوث خدمت کی، جن کی خدمات اور قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے چیئرمین ضلع کونسل نے ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن گوادر کے صدر میر ارشد گچکی کی کھیلوں کے فروغ کے لیے خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ وہ نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے اور ضلع میں فٹبال سمیت دیگر کھیلوں کے فروغ کے لیے قابل قدر کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس معیار کے منظم اور بڑے اسپورٹس ایونٹس نہ صرف نوجوان ٹیلنٹ کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ گوادر کا مثبت تشخص بھی نمایاں کرتے ہیں۔ جبکہ چیئرمین ضلع کونسل شئے مختار بلوچ نے فاتح ٹیم، رنر اپ ٹیم اور میچ آفیشلز کے لیے نقد انعامات کا بھی اعلان کیا تقریب میں چیئرمین میونسپل کمیٹی پسنی نور احمد کلمتی، سیاسی و سماجی شخصیت میر انور عبدالرحمن اور دیگر معززین بھی موجود تھے۔

بقیہ 15

و سرکاری نرخوں پر فروخت کی جائیں، نرخنامے نمایاں جگہ پر آویزاں کیے جائیں، صفائی کے بہترین انتظامات برقرار رکھے جائیں اور بازار کی گزرگاہوں پر قائم تجاوزات فوری طور پر ختم کی جائیں۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ناجائز منافع خوری، سرکاری نرخناموں کی خلاف ورزی، کم وزن روٹی کی فروخت، غیر معیاری اشیاء کی فروخت اور تجاوزات کے مرتکب افراد کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنر زکی محمد اکرم حریفال کی ہدایات کے مطابق عوام کو ریلیف فراہم کرنے، بازاروں میں نظم و ضبط برقرار رکھنے اور قانون پر موثر عملدرآمد کو یقینی بنانے کے لیے ایسے معائنے باقاعدگی سے جاری رہیں گے۔

بقیہ 16

اللہ جان، سی سی او سعید احمد، آئی ایس ڈی کوآرڈینیٹر صدام حسین، یو سی ایم اوز اور لائن ڈیپارٹمنٹ کے مونیٹرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ٹیموں کی فیلڈ کارکردگی، بچوں کی کوریج، مس شدہ بچوں اور درپیش چیلنجز کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر عبدالسلام نے ہدایت کی کہ مہم کے باقی مراحل میں کسی بھی بچے کو پولیو کے قطرے پلانے سے محروم نہ رکھا جائے، مس شدہ بچوں کو فوری طور پر کور کیا جائے، والدین میں آگاہی مزید موثر بنائی جائے اور تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون، موثر نگرانی اور مربوط حکمت عملی کے ذریعے مہم کی کامیابی کو یقینی بنائیں تاکہ ضلع دکی کو پولیو سے محفوظ بنانے کا قومی ہدف حاصل کیا جا سکے۔

بقیہ 17

بار تجربہ کرنے کے بجائے جمعہ خان ترین جیسے آفیسران کو بھرپور موقع دیا جائے تو نتائج کی بہتری کے امکان کو محسوس کیا جا سکتا ہے۔

بقیہ 18

ئے کیا، 6 مراکز پر جرمانے عائد کیے جبکہ 6 فوڈ کاروباروں کو اصلاحی نوٹسز جاری کیے۔ کارروائی سے قبل اسسٹنٹ کمشنر تحصیل مکتر اسرار احمد مندوخیل سے بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے ملاقات کی، جس میں ملاوٹ، غیر معیاری، ممنوعہ اور مضر صحت اشیاء خورونوش کے خلاف مشترکہ کارروائیاں مزید موثر بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ معائنے کے دوران چار جنرل اسٹورز سے ممنوعہ گٹکا، چھالیہ، ایکسپائرڈ بسکٹ کیکس، چاکلیٹس، کینڈیز، بچوں کی مصنوعات اور غیر معیاری مشروبات برآمد ہونے پر جرمانے عائد کیے گئے جبکہ تمام ممنوعہ و ایکسپائرڈ اشیاء موقع پر ہی ضبط کر کے تلف کر دی گئیں اسی طرح قومی شاہراہ پر واقع دو ریسٹورنٹس کو ناقص صفائی، غیر معیاری اسٹوریج، گندے برتن، ذاتی صفائی کے فقدان اور بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر جرمانہ کیا گیا علاقہ مکینوں نے بلوچستان فوڈ اتھارٹی اور ضلعی انتظامیہ کی مشترکہ کارروائیوں کو سراہتے ہوئے عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی کے لیے ایسے اقدامات کو خوش آئند قرار دیا۔

بقیہ 19

ری ہیں۔ اسی سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ کی نگرانی میں فاطمہ جناح روڈ، شاہ و کشاہ روڈ، لیاقت بازار اور پرنس روڈ پر آپریشن کرتے ہوئے سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات ہٹا دی گئیں۔ آپریشن کے دوران ہوٹلوں اور دکانداروں کی جانب سے سرکاری اراضی پر رکھا گیا سامان قبضے سے ہٹا دیا گیا، جبکہ عوامی آمد و رفت اور ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والی تجاوزات بھی ختم کر دی گئیں۔

بقیہ 20

کچھی کو حکومت نے سبی کے ساتھ جوڑ دیا۔ لشکری رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان میں بے امنی اور مسائل کی بنیادی وجہ غلط پالیسیاں ہیں۔ انکا مزید کہنا تھا کہ بلوچستان میں امن کے قیام سمیت تمام معاملات میں کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 21

نے کا اقدام اقوام متحدہ کی قراردادوں اور بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ بھارتی اقدامات کشمیری عوام کے بنیادی حقوق سلب کرنے اور ان کی آواز دبانے کی کوشش ہیں، جن کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے حاجی نور محمد دمڑ نے کہا کہ مسئلہ کشمیر برصغیر کی تقسیم کا نامکمل ایجنڈا ہے اور اس کا منصفانہ اور پائیدار حل اقوام متحدہ کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق ہونا ضروری ہے عالمی برادری کو چاہیے کہ وہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا نوٹس لے اور کشمیری عوام کو ان کا جائز حق خودارادیت دلانے کے لیے موثر کردار ادا کرے انہوں نے کہا کہ یوم استحصال کشمیر کے موقع پر پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اور اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی میں انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔

بقیہ 22

گست کو کوئٹہ میں دی گئی شٹر ڈاؤن ہڑتال کی کال کی مکمل حمایت کا اعلان کیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے کہا کہ تاجر برادری کے جائز مطالبات اور حقوق کی جدوجہد میں بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہم تمام ٹرانسپورٹرز اور متعلقہ شعبوں سے وابستہ افراد سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ 7 اور 8 اگست کو ہونے والی شٹر ڈاؤن ہڑتال سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کریں اور اسے کامیاب بنانے میں اپنا مثبت کردار ادا کریں۔ ایسوسی ایشن کا موقف ہے کہ تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل مشترکہ نوعیت کے ہیں، جن کے حل کے لیے باہمی اتحاد اور اتفاق وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ہمیں امید ہے کہ متعلقہ حکام تاجروں کے جائز مطالبات کو سنجیدگی سے حل کریں گے تاکہ کاروباری سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری رہ سکیں۔

بقیہ 23

ست گزار نے دوبارہ فیس جمع کروائی اور پہلی مرتبہ جمع کروائی گئی فیس کی واپسی کے لیے متعدد بار درخواستیں دیں، مگر ان کی کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ چنانچہ انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف شکایت درج کروائی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمہ کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکا۔ لہٰذا وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کی جمع شدہ فیس فوری طور پر واپس کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمہ نے درخواست گزار کی فیس واپس کر دی۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 24

کنز شمس الہدیٰ ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی سیکرٹری مولانا قاری عبداللہ سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مفتی فدا الرحمن و دیگر نے کہا کہ سوات میں دھماکے کی شدید الفاظ سے مذمت اور شہادتوں پر غم و افسوس کا اظہار، اور اہل خانہ کے لیے صبر جمیل اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ بے گناہ انسانوں پر دھماکے درندگیت اور سفاکیت کا انتہا ہے ملک میں مسلسل دھماکے خونریزی، بدامنی کی واقعات کے تسلسل سے اضطراب اور بے چینی کی کیفیت سے دوچار ہیں پے درپے سانحات کے نتیجے میں سیکڑوں معصوم اور قیمتی جانیں لقمہ اجل بن چکی ہیں انہوں نے کہا کہ دشمن قوتیں ملک میں خون کی ہولی کھیل رہی ہیں سوچی سمجھے منصوبے کے تحت ملک میں عدم استحکام پیدا کرنے کی مذموم کوشش کر رہا ہے آئے روز دہشت گردی، اندوہناک اور دہشتناک واقعات میں قوم اپنے پیاروں کی جنازوں سے تھک کر ہار چکے ہیں کب تک قوم جنازے اٹھاتے رہیں گی انہوں نے کہا کہ آئے روز دہشت گردی کی جنگ نے قوم کو فورسز، سیاسی اور قبائلی مشران اور علماء، انجینئر، تاجروں وکلاء، ڈاکٹرز سے محروم کیا گیا انہوں نے کہا کہ ملک کی حالات پر غیر سنجیدہ فیصلوں نے ملک کو ناقابل تلافی نقصان پہنچایا ہے امن وامان کے نام پر اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود بدامنی حکومت کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے حکومت بلند بانگ دعوں سے اپنی ناکام کارکردگی کو نہیں چھپا سکتی ہے

بقیہ 25

نے آزادی کی جدوجہد، ہجرت کے المناک واقعات اور لاکھوں مسلمانوں کی لازوال قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کی بنیاد شہداء کے لہو، مہاجرین کی قربانیوں اور برصغیر کے مسلمانوں کے غیر متزلزل عزم پر استوار ہے۔ قیام پاکستان کے ایک عینی شاہد بزرگ شہری نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جیسے ہی پاکستان کے قیام کا اعلان ہوا، برصغیر کے مسلمان اپنے آزاد وطن کی جانب ہجرت کے لیے بے حد پرجوش تھے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں نے اپنے الگ وطن کے حصول کے لیے اپنا گھربار، جائیدادیں اور دیگر قیمتی اثاثے قربان کیے، جبکہ لاکھوں افراد نے جانوں کا نذرانہ بھی پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ شہداء اور مہاجرین کی عظیم قربانیوں نے ہی پاکستان کی بنیاد رکھی اور ان کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ان کے بقول پاکستان کی سرزمین لاکھوں مسلمان مردوں، خواتین اور بچوں کی بے مثال قربانیوں کا روشن ثمر ہے، جس کی حفاظت اور ترقی ہر پاکستانی کی قومی ذمہ داری ہے۔ بزرگ شہری نے کہا کہ آزادی لاکھوں قربانیوں کے بعد حاصل ہوئی اور یہ عظیم نعمت ہمیں ہمیشہ اپنے بزرگوں کی جدوجہد، قربانیوں اور عزم کی یاد دلاتی رہے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ نئی نسل کو قیام پاکستان کی حقیقی تاریخ، ہجرت کے مصائب اور شہداء کی قربانیوں سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے تاکہ آزادی کی قدر و منزلت ہمیشہ برقرار رہے۔

بقیہ 26

ری و عوام ساتھ دیں گے۔ تقسیم کار کے تمام اضلاع کو ہدایت جاری کر دی گئی ہیں کوئٹہ میں بلیلی، میاں غنڈی، تیرہ میل کولپور، چمن کوژک سمیت پشین، مسلم باغ، قلعہ سیف اللہ، قلعہ عبداللہ، چمن، ژوب، لورالائی، سبی، ڈھاڈر، بولان، جعفرآباد، نصیر آباد، مستونگ، خضدار، نوشکی، لسبیلہ، حب، ہنگول، کیچ، تربت اور گوادر میں شاہراہوں کو بند کرنے کیلئے ذمہ داران و کارکنان کو الرٹ کر دیا گیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار نے جماعت اسلامی کے صوبائی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں 7 اگست ہڑتال تیاریوں کے حوالے سے جماعت اسلامی کوئٹہ کے ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر امیر ضلع کوئٹہ عبدالنعیم رند و دیگر ذمہ داران نے اب تک تیاریوں تقسیم کار و آئندہ لائحہ عمل کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ قومی کاز قومی اجتماعی مسائل کے حل کے لیے 7 اگست ہڑتال کے حوالے سے ٹرانسپورٹرز تاجرز سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگ ساتھ دے رہے ہیں جہاں ہم جاتے ہیں لوگ خوش ہوتے ہیں کہ صرف جماعت اسلامی ہے جو عوامی سلگتے مسائل کو اجاگر اور حل کی کوشش کر رہی ہے۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے مزید کہا کہ عوام کو درپیش دیگر سنگین مسائل کے خلاف جماعت اسلامی نے صوبہ بھر میں بھرپور عوامی رابطہ مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ 7 اگست بروز جمعہ شام 4 بجے بلوچستان کے مختلف 1 2 اضلاع میں اہم مقامات پر عوامی اجتماعات، روڈ بلاک اور احتجاجی پروگرام منعقد کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ عوامی اجتماعات کوئٹہ سمیت دیگر 21 اضلاع پشین، مسلم باغ، قلعہ سیف اللہ، چمن، ژوب، لورالائی، قلعہ عبداللہ، مستونگ، خضدار، نوشکی، لسبیلہ، جعفرآباد، نصیرآباد، سبی، جھل مگسی، کچھی اور گوادر کے مختلف اہم مقامات پر ہوں گے جن میں شاہراہوں کی بندش، احتجاج اور عوامی اجتماعات کے ذریعے بلوچستان کے عوام کے جائز مطالبات طاقتور طبقات و میڈیا کے سامنے پیش کیے جائیں گے۔ مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے کہا کہ عوامی اجتماعات اور روڈ بلاک کے اہم مقامات بائی پاس، جی ٹی روڈ، کوسٹل ہائی وے شامل ہیں جہاں عوام اپنے حقوق کے لیے شاہراہیں بند کر کے پرامن احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے عوام آج بدامنی، بدعنوانی، لوگوں کے لاپتہ ہونے، بازیابی کے بجائے مسخ شدہ لاشوں کے ملنے، معاشی بدحالی، بے روزگاری، شاہراہوں پر عدم تحفظ، بارڈرز کی بندش اور مہنگائی کے باعث شدید مشکلات سے دوچار ہیں مگر اسلام آباد کے حکمران و طاقتور طبقات کو عوام کے مسائل حل کرنے میں مکمل ناکام ہو چکے ہیں۔ جماعت اسلامی عوام کے حقوق کے تحفظ، امن کے قیام اور بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے ہر سطح پر جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے عوام، تاجروں، ٹرانسپورٹرز، نوجوانوں، قبائلی عمائدین اور تمام مکاتب فکر سے اپیل کی کہ وہ 7 اگست کو اپنے اپنے علاقوں میں منعقد ہونے والے احتجاج و روڈ بلاک کرنے میں بھرپور شرکت و تعاون کر کے ظلم، ناانصافی، بدامنی اور عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف پرامن مگر موثر احتجاج کو کامیاب بنائیں۔

بقیہ 27

دی۔ سری لنکا ویمنز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 113 رنز بنائے۔ پاکستان ویمنز نے 114 رنز کا ہدف 19 ویں اوور میں 6 وکٹوں کے نقصان پر حاصل کر لیا۔ پاکستان کی جانب سے عائشہ ظفر نے 39 رنز کی شاندار اننگز کھیلی۔ 3 میچوں کی سیریز سری لنکا ویمنز نے 1-2 سے اپنے نام کر لی۔

بقیہ 28

کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں عوام کا کوئی پرساں حال نہیں حکام نوٹس لے عوامی حلقوں کا تفصیلات کے مطابق نال عدم توجہی کے باعث مسائلوں کا گڑھ بن گیا، گرانفروشی، ٹریفک جام، تجاوزات کی بھرمار، ناپ تول میں کمی سیوریج کا نظام درہم برہم ہونے کے ساتھ ساتھ نال۔ شہر میں مسائل روز بروز بڑھنے لگے اس کے باوجود پرائس کنٹرول کمیٹی بازار میں جائزہ لینے کیلئے دورہ نہیں کرتے عوام کا کوئی پرساں حال نہیں ہر کوئی اپنے مرضی سے نرخ تیز کر کے عوام کو لوٹنے لگا ہے واضح رہے کئی مہینے گزر گئے نال انتظامیہ کے ذمہ دار گرانفروشوں ذخیرہ اندوزوں ناپ تول میں کمی کرنے والے زائد المیعاد مشروبات، ودیگر اشیاء خورد و نوش نرخنامہ کا جائزہ لینے کیلئے شہر کا دورہ تک نہیں کیا اور یہی وجہ ہے کہ مسائلیں نال کی ''زینت بن گئی روٹی کافی کم وزن میں تندور والے غریب لوگوں کو فراہم کر رہے ہیں جبکہ پیسے زیادہ لے رہے ہیں اسی طرح باقی اشیاء خورد و نوش سمیت دیگر چیزوں کا یہی حال ہے عوامی حلقوں نے کمشنر قلات ڈویژن ڈپٹی کمشنر خضدار اے سی نال سے نال۔ میں بڑھتے مسائلوں پر فوری طور پر نوٹس لیکر نال۔ کے شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے کی اپیل کر دی۔

بقیہ 29

بھرپور استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر میں نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ ملکی و صوبائی معیشت میں موثر کردار ادا کرنے کے قابل بن سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ ادارے میں کمپیوٹر (آفس مینجمنٹ)، ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ، جنرل الیکٹرک اور موٹر وائنڈنگ سمیت مختلف شعبوں میں سیشن 2025-26 کے دوران مجموعی طور پر 88 نوجوانوں کو عملی اور تکنیکی مہارتوں کی تربیت دی گئی۔ ان تربیتی پروگراموں کا مقصد صنعتوں کی ضروریات کے مطابق ہنرمند افرادی قوت تیار کرنا، نوجوانوں کی فنی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اور انہیں روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہے ان کا کہنا ہے کہ فنی و پیشہ ورانہ تعلیم معاشی خودمختاری، غربت میں کمی اور پائیدار ترقی کی بنیاد ہے۔ حکومت بلوچستان ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے تاکہ نوجوان قومی ترقی کے عمل میں بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے صوبے کی سماجی و معاشی خوشحالی میں اپنا موثر حصہ ڈال سکیں۔

بقیہ 30

ائش کا سبب بن رہا ہے، جس کے نتیجے میں ملیریا جیسے خطرناک مرض کے کیسز میں اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ متعلقہ اداروں کی جانب سے نہ تو بروقت اسپرے کیا جا رہا ہے اور نہ ہی آگاہی مہم چلائی جا رہی ہے، جس کے باعث عوام خصوصاً بچے اور بزرگ زیادہ متاثر ہو رہے ہیں۔ عوامی و سماجی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت، بی آر ایس پی اور میونسپل کمیٹی سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر شہر اور مضافاتی علاقوں میں انسداد مچھر اسپرے، صفائی مہم اور کھڑے پانی کے خاتمے کے لیے ہنگامی اقدامات کیے جائیں تاکہ ملیریا سمیت دیگر وبائی امراض کے پھیلاؤ کو روکا جا سکے۔

بقیہ 31

ل، صنعت کاروں، ٹرانسپورٹرز، کاشتکاروں اور سرحدی تجارت سے وابستہ لاکھوں خاندانوں کو درپیش سنگین معاشی بحران پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس نے قرار دیا کہ حکومت کی غیر سنجیدہ، ناکام اور عوام دشمن پالیسیوں نے بلوچستان کی معیشت کو مفلوج کر دیا ہے۔ بازار ویران، کاروباری سرگرمیاں جمود کا شکار، سرمایہ کاری ختم، صنعت و تجارت زوال پذیر اور ہزاروں چھوٹے بڑے تاجر دیوالیہ ہونے کے دہانے پر پہنچ چکے ہیں، جبکہ ٹرانسپورٹرز کو روزانہ کروڑوں روپے کے مالی نقصانات برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔ اجلاس نے اس امر پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا کہ قومی شاہراہوں پر امن و امان کی بدترین صورتحال کے باعث تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو ناقابل تلافی مالی نقصانات کا سامنا ہے۔ مال بردار گاڑیوں اور مسافر کوچز کو نذر آتش کیے جانے کے پے در پے واقعات کے نتیجے میں اربوں روپے مالیت کی گاڑیاں، تجارتی سامان اور قومی سرمایہ تباہ ہو چکا ہے۔ ان واقعات نے نہ صرف تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کے اعتماد کو شدید ٹھیس پہنچائی ہے بلکہ صوبے کی تجارتی سرگرمیوں، سپلائی چین اور معاشی استحکام کو بھی بری طرح متاثر کیا ہے۔ اجلاس نے بارڈر کی مسلسل بندش اور غیر مؤثر بارڈر پالیسی کو بلوچستان کی معیشت پر کاری ضرب قرار دیتے ہوئے کہا کہ چمن سمیت تمام سرحدی گزرگاہوں پر عائد پابندیوں نے بارڈر سے وابستہ لاکھوں افراد سے روزگار کا واحد ذریعہ چھین لیا ہے۔ ہزاروں مزدور، ڈرائیور، کلیئرنگ ایجنٹس، لوڈر، دکاندار اور یومیہ اجرت پر کام کرنے والے محنت کش فاقہ کشی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں۔ اجلاس نے قرار دیا کہ حکومت نے لاکھوں خاندانوں کے رزق پر عملی طور پر ڈاکہ ڈالا ہے اور عوام کو بے روزگاری، غربت اور معاشی تباہی کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا ہے۔ اجلاس نے حکومت کی جانب سے عوامی مسائل کے حل کے بجائے طاقت، جبر، دفعہ 144 کے مسلسل نفاذ، شاہراہوں کی بندش اور کرفیو نما اقدامات کے ذریعے حکمرانی کرنے کے طرز عمل کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ اس سے یہ واضح ہو چکا ہے کہ موجودہ حکومت عوامی اعتماد کھو چکی ہے اور اپنی ناکامیوں کو طاقت کے ذریعے چھپانے کی ناکام کوشش کر رہی ہے۔ جبر اور خوف کے سائے میں نہ معیشت بحال ہو سکتی ہے، نہ امن قائم ہو سکتا ہے اور نہ ہی عوامی اعتماد حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اجلاس نے کہا کہ بلوچستان اس وقت اپنی تاریخ کے بدترین سیاسی، انتظامی، معاشی اور امن و امان کے بحران سے گزر رہا ہے۔ عوام شدید اضطراب، خوف اور غیر یقینی صورتحال کا شکار ہیں، کاروبار بند، روزگار کے تمام راستے مسدود اور شہری زندگی مفلوج ہو چکی ہے۔ صوبے کے متعدد علاقے عملاً نوگو ایریاز میں تبدیل ہو چکے ہیں، جبکہ حکومتی رٹ کمزور پڑ چکی ہے اور شہریوں کو جان و مال کے تحفظ کا بنیادی آئینی حق بھی میسر نہیں۔ اجلاس نے واضح کیا کہ عوامی مینڈیٹ چرانا شاید آسان ہو، مگر عوامی اعتماد اور تائید کے بغیر حکومتیں نہیں چل سکتیں۔ بلوچستان کے عوام نے موجودہ حکمرانی کو مسترد کر دیا ہے اور مصنوعی سیاسی بندوبست عوامی مسائل کے حل میں مکمل طور پر ناکام ثابت ہوا ہے۔ اجلاس میں جمعیت علما اسلام بلوچستان کے تنظیمی امور، ضلعی تنظیموں کی کارکردگی اور آئندہ تنظیمی سرگرمیوں کا بھی تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس سلسلے میں متعدد اہم تنظیمی فیصلے کیے گئے اور صوبے بھر میں جماعتی ڈھانچے کو مزید فعال، منظم اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر کردار ادا کرنے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ اجلاس نے وفاقی اور صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان میں امن و امان کی فوری بحالی، قومی شاہراہوں کو محفوظ بنانے، تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کو مکمل تحفظ فراہم کرنے، نذر آتش کی جانے والی گاڑیوں اور تجارتی نقصانات کا مکمل معاوضہ ادا کرنے، پاک افغان سرحدی گزرگاہوں کو بلاجواز پابندیوں سے آزاد کر کے تجارت اور روزگار کو بحال کرنے اور عوام کو معاشی بدحالی سے نجات دلانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات کیے جائیں۔ اجلاس نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ جمعیت علما اسلام بلوچستان صوبے کے عوام کے آئینی، جمہوری، سیاسی اور معاشی حقوق کے تحفظ، حقیقی عوامی مینڈیٹ کی بحالی، امن کے قیام، تجارت کی بحالی، سرحدی راستوں کی فوری بحالی اور بلوچستان کو درپیش بحرانوں کے حل کے لیے بر آئینی، جمہوری اور پرامن جدوجہد جاری رکھے گی اور کسی بھی صورت عوام کے حقوق پر سمجھوتہ نہیں کرے گی۔

بقیہ 32

میں ایس ایچ او سٹی غازی عبدالرؤف جمالی، سی آئی اے نصیر آباد کے انچارج سید حیدر شاہ نے ضلع نصیر آباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیوں کے دوران پولیس تھانہ سٹی ڈیرہ مراد جمالی نے اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے متعدد مقدمات میں مطلوب ملزمان کو گرفتار کر لیا گرفتار ملزمان میں غلام مرتضیٰ، امداد، اکبر، بہادر، نادر کو پولیس نے کارروائی کے دوران ملزمان کے قبضے سے دو عدد چوری شدہ موٹر سائیکلیں، ایک کار، متعدد موبائل فونز، شراب اور منشیات برآمد کر لیں گرفتار ملزمان درج ذیل مقدمات میں مطلوب تھے مقدمہ نمبر 66/2026 بجرم دفعات 324/34 PPC مقدمہ نمبر 121/2026 بجرم دفعہ PP 381-A مقدمہ نمبر 129/2026 بجرم دفعہ PPC381-A مقدمہ نمبر 126/2026 بجرم دفعہ 337-A (i) *PPC مقدمہ نمبر 130/2026 بجرم 3/4 of Control Narcotic Substances "Act مقدمہ نمبر 21/2024 بجرم دفعات 324/34 PPC مقدمہ نمبر 13/2025 بجرم دفعات 337-H(2)، 506، 504 PPC تمام ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی جاری ہے جبکہ مزید تفتیش بھی عمل میں لائی جا رہی ہے تاکہ ان سے جرائم کے حوالے سے مزید معلومات حاصل کی جا سکیں

بقیہ 33

بو اصغر رند سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اجلاس میں شہری صفائی ستھرائی کی صورتحال، اشیائے ضروریہ کی قیمتوں اور دکانداروں کی جانب سے سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی غور کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ نے متعلقہ حکام اور دکانداروں کو ہدایت کی کہ شہر میں صفائی کے نظام کو بہتر بنایا جائے اور تمام دکاندار سرکاری نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کرنے کے ساتھ مقررہ نرخوں پر اشیائے خوردونوش کی فروخت یقینی بنائیں انہوں نے وزن اور پیمائش میں کمی بیشی سے بھی سختی سے گریز کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری نرخ نامے اور مقررہ اوزان کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 34

گزشتہ 73 سال مذکورہ سکول علم کے فروغ کے لیے خدمات انجام دے رہا ہے لیکن بدقسمتی سے علمی مرکز کو گرا کر اس کی جگہ کمرشل تجارتی پلازے کی تعمیر کا منصوبہ نہ صرف علم دشمنی بلکہ کوئٹہ شہر کے عوام اور بالخصوص طلباء کے ساتھ ناانصافی پر مبنی ہے، انہوں نے کہا کہ اگر اسکول کی جگہ پلازہ تعمیر کیا گیا تو اندرون شہر بالخصوص کے تجارتی علاقوں میں دیگر تمام سرکاری اسکول بھی ایک ایک کر کے ختم اور وہاں بڑے بڑے تجارتی پلازے بن جائیں گے انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اس علم دشمن اقدام کا سختی سے نوٹس لے اور تعلیمی مراکز کے خلاف سازشوں کو بے نقاب کیا جائے۔

بقیہ 35

راوا کرنے کے قابل بن سکیں۔ انہوں نے بتایا کہ ادارے میں کمپیوٹر (آفس مینجمنٹ)، ریفریجریشن اینڈ ایئر کنڈیشننگ، جنرل الیکٹرک اور موٹر وائنڈنگ سمیت مختلف شعبوں میں سیشن 2025-26 کے دوران مجموعی طور پر 88 نوجوانوں کو عملی اور تکنیکی مہارتوں کی تربیت دی گئی۔ ان تربیتی پروگراموں کا مقصد صنعتوں کی ضروریات کے مطابق ہنرمند افرادی قوت تیار کرنا، نوجوانوں کی فنی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا اور انہیں روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا ہے ان کا کہنا ہے کہ فنی و پیشہ ورانہ تعلیم معاشی خودمختاری، غربت میں کمی اور پائیدار ترقی کی بنیاد ہے۔ حکومت بلوچستان ہنرمند افرادی قوت کی تیاری کو خصوصی اہمیت دے رہی ہے تاکہ نوجوان قومی ترقی کے عمل میں بھرپور کردار ادا کرتے ہوئے صوبے کی سماجی و معاشی خوشحالی میں اپنا موثر حصہ ڈال سکیں۔

بقیہ 36

درخواستوں کی وصولی رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان ہے، سرکاری حج سکیم میں 16 بینکوں نے حصہ لیا۔ ذرائع وزارت مذہبی امور کے مطابق حبیب بینک کا انتخاب وسیع برانچ نیٹ ورک اور سہولیات کی بنیاد پر کیا گیا، پاکستان کے کوٹہ پر ایک لاکھ 79 ہزار 210 عازمین فریضہ حج ادا کریں گے، سرکاری سکیم کیلئے 60 فیصد اور نجی سکیم کے لئے 40 فیصد کوٹہ مقرر کیا گیا ہے۔ سرکاری حج اسکیم 60 فیصد کوٹہ کے تحت ایک لاکھ، 7 ہزار 832 عازمین فریضہ حج ادا کریں گے۔ نجی اسکیم 40 فیصد کوٹہ کے تحت 71 ہزار 888 عازمین حجاز مقدس جائیں گے۔ ذرائع وزارت مذہبی امور کے مطابق حج 2027 کے درخواستوں کی وصولی کا شیڈول جلد جاری کیے جائے گا۔

بقیہ 37

ہائیوں میں پہلی مرتبہ عوام کو عملی طور پر ترقیاتی کام اپنی آنکھوں سے نظر آ رہے ہیں۔ عبدالحمید بلوچ نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم نے گزشتہ تقریباً پینتیس برسوں میں حب کو مسلسل بنیادی سہولیات سے محروم ہوتے دیکھا۔ اس عرصے میں سیوریج کا ناقص نظام، پینے کے صاف پانی کی قلت، ٹوٹی پھوٹی سڑکیں، صحت کی ناکافی سہولیات اور دیگر بنیادی مسائل عوام کی زندگی کا حصہ بنے رہے۔ آج پہلی مرتبہ محسوس ہو رہا ہے کہ ان مسائل کے مستقل حل کے لیے سنجیدہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج حب کے تقریباً ہر علاقے میں سیوریج، پینے کے صاف پانی، سڑکوں، صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر اور دیگر شعبوں میں بیک وقت ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے، جن سہولیات کے لیے یہاں کے عوام کئی دہائیوں سے منتظر تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میرا کسی سیاسی جماعت سے تعلق نہیں اور نہ ہی میری کبھی میر علی حسن زہری سے ملاقات ہوئی ہے لیکن عوام کے لیے ان کی شب و روز محنت، ترقیاتی منصوبوں پر خصوصی توجہ اور خدمت کے جذبے نے مجھے بے حد متاثر کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں ان کی کارکردگی دیکھ کر دل سے ان کا قدردان بن گیا ہوں اور آئندہ انتخابات میں پاکستان پیپلز پارٹی کو ووٹ دینے پر سنجیدگی سے غور کروں گا۔ عبدالحمید بلوچ نے مزید کہا کہ بھوتانی دور میں عوام کو معمولی نوعیت کے کاموں کے لیے بھی منتخب نمائندوں کے دفاتر کے چکر لگانے پڑتے تھے لیکن اس کے باوجود مسائل اپنی جگہ موجود رہتے تھے۔ گزشتہ ادوار میں ہم نے حب کو ترقی کے بجائے زبوں حالی کی طرف جاتے دیکھا مگر موجودہ ترقیاتی سرگرمیوں نے عوام میں ایک نئی امید پیدا کی ہے۔ انہوں نے اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ بات صرف میں نہیں کہہ رہا بلکہ یہ الفاظ حب کے ہر شہری کی آواز اور رائے ہے کہ میر علی حسن زہری نے بلا امتیاز رنگ، نسل، زبان اور مذہب پورے ضلع حب میں عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں پر توجہ دی ہے۔ متعدد منصوبے مکمل ہو چکے ہیں جبکہ بہت سے منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، جس سے شہریوں کی زندگی میں مثبت تبدیلی آ رہی ہے۔ عبدالحمید بلوچ نے کہا کہ آج کا حب پہلے کے مقابلے میں زیادہ روشن، زیادہ متحرک اور ترقی کی راہ پر گامزن دکھائی دیتا ہے۔ اگر یہی رفتار برقرار رہی تو آنے والے برسوں میں ضلع حب ترقی، خوشحالی اور جدید شہری سہولیات کے اعتبار سے ایک نمایاں مقام حاصل کر سکتا ہے۔ عبدالحمید بلوچ نے حب کے عوام سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اگر ترقی، خوشحالی اور عوامی خدمت کا یہ سفر جاری رکھنا ہے تو ہمیں ان افراد کا ساتھ دینا چاہیے جو عملی کام پر یقین رکھتے ہیں۔ میری دعا ہے کہ حب میں شروع ہونے والا ترقی کا یہ سفر مزید تیزی سے آگے بڑھے اور عوام کو وہ تمام بنیادی سہولیات میسر آئیں جن کا وہ برسوں سے انتظار کر رہے تھے۔

بقیہ 38

ایس پی سی عبدالحمید، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد اشرف جمالی، آر آئی سید اقبال شاہ، لائن آفیسر منور شاہ، ایس ایچ او سٹی عبدالرؤف مرغزانی، ایس ایچ او صدر امداد حسین سمیت دیگر پولیس افسران نے یادگار شہداء پر پھولوں کی چادر چڑھائی اور شہداء کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی تقریب میں شہداء کے اہل خانہ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ شرکاء نے وطن عزیز کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور ان کی لازوال قربانیوں کو سراہا اس موقع پر ایس ایس پی عبدالحمید نے شہداء کے لواحقین سے ملاقات کی، ان کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کیا، ان کے ساتھ مکمل اظہار یکجہتی کیا اور احترام و قدردانی کے طور پر ان میں تحائف بھی تقسیم کیے۔ ایس ایس پی کا کہنا تھا کہ شہداء ہمارا فخر ہیں، ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا اور پولیس اپنے شہداء کے خاندانوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑے گی دریں اثناء ڈی ایس پی بختیار آباد سرکل محمد آصف نجک، ایس ایچ او بختیار آباد جہانگیر خان سمیت دیگر پولیس افسران نے شہداء کی قبروں پر حاضری دی، پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں، فاتحہ خوانی کی اور شہداء کی جرات، بہادری، لازوال قربانیوں اور وطن کے لیے ان کی گراں قدر خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا۔

بقیہ 39

کام کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور منصوبے کی مجموعی پیش رفت، تعمیراتی معیار، استعمال ہونے والے میٹریل اور تکمیل کے شیڈول کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام تعمیراتی سرگرمیاں طے شدہ معیارات کے مطابق انجام دی جائیں اور کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی بریفنگ کے دوران متعلقہ حکام نے آگاہ کیا کہ ضلع استا محمد میں باہر سے تعینات سرکاری افسران کی رہائش کے لیے مجموعی طور پر آٹھ پری فیبریکیٹڈ ہاؤسز تعمیر کیے جا رہے ہیں یہ ہاؤسز جدید طرز تعمیر کے حامل ہوں گے اور ان میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے، تاکہ افسران کو ایک محفوظ آرام دہ اور معیاری رہائشی ماحول میسر آ سکے۔ ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ ان ہاؤسز کی بروقت تکمیل سے نہ صرف افسران کو بہتر رہائش میسر آئے گی بلکہ اس کے نتیجے میں سرکاری امور کی انجام دہی میں بھی بہتری آئے گی اور عوامی خدمات کی فراہمی مزید موثر اور تیز ہو سکے گی انہوں نے متعلقہ افسران کو سختی سے ہدایت کی کہ منصوبے کی تکمیل مقررہ وقت کے اندر یقینی بنائی جائے اور تعمیر کے ہر مرحلے میں معیار، شفافیت اور رفتار کو برقرار رکھا جائے مزید برآں انہوں نے کہا کہ منصوبے کی مسلسل نگرانی کی جائے تاکہ کسی بھی ممکنہ رکاوٹ کو بروقت دور کر کے اس اہم منصوبے کو جلد از جلد فعال بنایا جا سکے۔

بقیہ 40

ہزارہ ٹاؤن کے عملے نے مفرور ملزم عمر شاہ کے علاوہ 5 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا 4 گاڑیوں سے کالے شیشے اور 14 موٹر سائیکلوں اور گاڑیوں سے غیر نمونہ نمبر پلیٹیں اتاریں اس کے علاوہ شالکوٹ پولیس نے مفرور ملزم نظام الدین کے علاوہ 8 افغان باشندوں کو گرفتار کر لیا جو غیر قانونی طور پر رہائش پذیر تھے اس کے علاوہ 51 گاڑیوں کی چیکنگ کی اور 28 گاڑیوں، 19 موٹر سائیکلوں سے غیر نمونہ نمبر پلیٹیں اتاریں اور ان کے خلاف کارروائی کی۔

بقیہ 41

ہے۔ عالمی برادری کو ذمہ دارانہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ کشمیریوں کے یوم استحصال پر پیغام میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ آج یوم استحصال کے موقع پر حکومت پاکستان اور پوری پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ بھرپور انداز میں غیر متزلزل یکجہتی کا اظہار کرتی ہے۔ ہم اس دن کو اس عزم کے ساتھ مناتے ہیں کہ دنیا کو بھارت کے 5 اگست 2019 کے ان غیر قانونی اور یکطرفہ اقدامات کے سنگینی کی یاد دہانی کرائی جائے جن کے ذریعے اس نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں و کشمیر (IIOJK) کی بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ متنازع حیثیت کو تبدیل کرنے کی کوشش کی۔ یہ اقدامات بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی متعلقہ قراردادوں کی صریحاً خلاف ورزی ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ سات برس گزر جانے کے باوجود یہ غیر قانونی اقدامات نہ تو جموں و کشمیر کی قانونی حیثیت تبدیل کر سکے ہیں اور نہ ہی کشمیری عوام کے اپنے جائز حق خودارادیت کے حصول کے عزم پختہ کو کمزور کر سکے ہیں۔ ان اقدامات نے بھارتی ریاستی جبر میں اضافہ کیا، بنیادی آزادیوں کو محدود کیا اور غیر قانونی قانون سازی و انتظامی اقدامات کے ذریعے مقبوضہ علاقے کے آبادیاتی تناسب کو تبدیل کرنے کی مکروہ کوششوں کو مزید تیز کیا۔ بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر میں عوام کی حقیقی سیاسی قیادت کو مسلسل دبانا، شہری آزادیوں پر قدغنیں عائد کرنا اور آزاد ذرائع ابلاغ پر پابندیاں برقرار رکھنا شدید تشویش کا باعث ہے۔

زیارت، ہرنائی اور سنجاوی سمیت اپنے حلقے کے دور دراز علاقوں کے عوام سے مسلسل رابطہ رکھا جا رہا ہے

عوام کے مسائل کا حل اور ان کی فلاح و بہبود ہماری اولین ترجیح ہے، نور محمد دمڑ

حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے وفود اور عوامی نمائندوں کی ملاقات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ سے زیارت، ہرنائی اور سنجاوی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے وفود اور عوامی نمائندوں نے ان کے دفتر میں ملاقات کی ملاقات کے دوران وفود نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش مسائل، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی ضروریات سے صوبائی وزیر کو آگاہ کیا اس موقع پر مختلف علاقوں سے آئے ہوئے سائلین نے بھی اپنے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 9)

گورنر اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبہ ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے، سید جہانگیر شاہ

کوئٹہ (آن لائن) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن ہو چکا ہے انہیں چاہیے کہ وہ صوبائی کابینہ میں پڑھے لکھے او (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 8)

پولیس کے شہداء پوری قوم کا سرمایہ ہیں، ڈی آئی جی لورالائی

شہید انسپکٹر جاندار شبوزئی شہید کے گھر ایک پروقار اور باوقار تقریب منعقد ہوئی

لورالائی (خ ن) یوم شہداء کے موقع پر ضلع لورالائی کی کلی شبوزئی میں بلوچستان پولیس کے بہادر سپوت، شہید انسپکٹر جاندار شبوزئی شہید کے گھر ایک پروقار اور باوقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں پولیس حکام، ضلعی انتظامیہ، سیاسی و مذہبی رہنماؤں، قبائلی عمائدین، سماجی شخصیات اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کر کے شہداء کی بے مثال قربانیوں کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا۔ تقریب میں ڈی آئی جی لورالائی رینج جنید احمد شیخ، ڈپٹی کمشنر لورالائی حسیب شجاع، ایس ایس پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد، جمعیت علمائے اسلام ضلع لورالائی کے ضلعی سینئر نائب امیر مفتی محمد (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 10)

ہم اپنے پولیس شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے، میر علی حسن زہری

شہدائے پولیس کی لازوال قربانیاں اس بات کا روشن ثبوت ہیں کہ وطن کی سلامتی اور عوام کے تحفظ سے بڑھ کر کوئی مقصد نہیں

یوم شہدائے پولیس ہمیں یہ عہد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنے شہدا کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھیں گے، یوم شہدائے پولیس پر پیغام

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سینئر رہنما، صدر مملکت آصف علی زرداری کے ترجمان اور سینئر صوبائی نائب صدر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میر علی حسن زہری نے 4 اگست یوم شہدائے پولیس کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں وطن عزیز کی خاطر جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے پولیس کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے ان بہادر سپوتوں کی قربانیو (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 7)

کوئٹہ، جمیعت علماء اسلام پاکستان کے سربراہ مولانا فضل الرحمن پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پیپلز پارٹی بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، ربانی کاکڑ

پاکستان پیپلز پارٹی جب بھی برسر اقتدار آئی عوام کی بلا رنگ و نسل خدمت کی

نئے ساتھیوں کی شمولیت سے پیپلز پارٹی سرکی کلاں اور کوئٹہ میں مزید فعال اور منظم ہوگی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے جنرل سیکرٹری، ربانی کاکڑ کوئٹہ سٹی کے صدر نور الدین کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی بلا رنگ و نسل عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ یہ بات انہوں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 5)

ٹیل اینڈ کے عوام کے حقوق کا ہر صورت تحفظ یقینی بنایا جائیگا، اے سی اوستہ محمد

حقوق کے تحفظ کے لیے اسی جذبے کے ساتھ بھرپور تعاون جاری رکھا جائے گا

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر استا محمد رمضان اشتیاق اور ایگزیکٹو انجینئر ایریگیشن غلام محمد بادینی نے محکمہ ایریگیشن کے افسران و عملے کے ہمراہ قبو دستری پر پانی کی منصفانہ تقسیم اور ٹیل اینڈ تک بروقت فر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 6)

پاکستان کی پائیدار ترقی اور معاشی خوشحالی کا راستہ بلوچستان سے ہو کر گزرتا ہے، بلال کاکڑ

بلوچستان میں امن و استحکام نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کے امن، استحکام اور ترقی کی ضمانت ہے

حکومت سرمایہ کار دوست پالیسیوں، بنیادی ڈھانچے کی بہتری، صنعتی ترقی اور عوامی فلاح کے منصوبوں پر خصوصی توجہ دے رہی ہے

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کی پائیدار ترقی اور معاشی خوشحالی کا راستہ بلوچستان سے ہو کر گزرتا ہے۔ قدرتی وسائل، جغرافیائی اہمیت اور سرمایہ کاری کے وسیع مواقع کے باعث بلوچستان ملکی معیشت میں کلیدی کردار ادا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ اپنے دفتر میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں امن و استحکام نہ صر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 1)

تمام مشکلات کے باوجود کشمیری عوام کا حوصلہ، استقامت اور ثابت قدمی آج بھی غیر متزلزل ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ تمام مشکلات کے باوجود کشمیری عوام کا حوصلہ، استقامت اور ثابت قدمی آج بھی غیر متزلزل ہے۔ اپنے ناقابل تنسیخ حق خودارادیت کے حصول کے لیے ان کی پرامن اور منصفانہ جدوجہد آج بھی نسلوں کے لیے مشعل راہ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 4)

کمشنر نصیر آباد صلاح الدین نورزئی کی زیر صدارت اجلاس

ہماری ہمیشہ یہی کوشش رہی ہے کہ صرف اہل سینیئر پٹواریوں کو ترقی دی

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی کی سربراہی میں محکمہ ریونیو کے ملازمین کی ترقیوں سے متعلق پروموشن کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں ایس اینڈ جی اے ڈی کی نمائندگی کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ، سینئر اکاؤنٹس آفیسر نصیر آباد عجب خان مندوخیل عبدالصمد کھوسہ اور شیر اللہ کھوسہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں سینئر پٹواریوں کو قانون گو کے عہدے پر ترقی دینے کے لیے تمام قانونی تقاضوں اور قواعد و ضوابط کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر کمشنر نصیر آباد ڈویژن و کمیٹی کے چیئرمین کمشنر صلاح ا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 2)

ان شاء اللہ وہ دن دور نہیں جب کشمیر پاکستان کا حصہ بن جائیگا، فیصل جمالی

او آئی سی سے مطالبہ کیا کہ مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا فوری نوٹس لیا جائے

کشمیری عوام کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت دلانے کے لیے مؤثر کردار ادا کیا جائے

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت کا خاتمہ بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی تھا انہوں نے کہا کہ پاکستان کشمیری عوام کی حق خودارادیت کی جدوجہد کی سیاسی سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری ر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 3)

کوئٹہ، ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ بلوچستان عمر خان محکمہ امور سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لشکری رئیسانی نے کچھی کو سبی میں شامل کرنے کے خلاف درخواست دائر کر دی

بلوچستان میں امن کے قیام سمیت تمام معاملات میں کردار ادا کرتے رہیں گے

کوئٹہ (آن لائن) نوابزادہ لشکری رئیسانی نے ضلع کچھی کو سبی ڈویژن میں شامل کرنے کے خلاف بلوچستان ہائیکورٹ میں درخواست دائر کر دی ہے۔ نوابزادہ لشکری رئیسانی نے کوئٹہ میں میڈیا سے بات چیت میں کہا کہ بلوچستان کے مسائل میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے، مختلف مسائل کو اٹھایا گیا ہے جن میں اضلاع اور ڈویژنز میں تبدیلیاں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قلات ڈویژن کا نام ختم کیا گیا جس کی تاریخی حیثیت ہے، نصیر آباد ڈویژن کے اہم ترین حصے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 20)

کشمیری عوام کی جدوجہد آزادی میں انہیں کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائیگا، نور محمد دمڑ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر کموڈیٹی مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ وچیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ نے 5 اگست، یوم استحصال کشمیر کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ کشمیری عوام گزشتہ کئی دہائیوں سے اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ پاکستان کشمیری بھائیوں اور بہنوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے گا انہوں نے کہا کہ 5 اگست 2019 کو بھارت کی جانب سے مقبوضہ جموں و کشمیر کی خصوصی حیثیت ختم کر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 21)

انتظامیہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جاری

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں جا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 19)

بی اے ایف کی ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مختر بازار میں مشترکہ کارروائی

لورالائی (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی زونل فوڈ سیفٹی ٹیم نے ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے مختر بازار میں مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے 15 فوڈ کاروباروں کا معا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 18)

اپنی تمام توانائی اور دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہیں، شاہ بنگلزئی

ڈی جی ریسرچ زراعت جمعہ خان محکمہ کے مفاد کو ترجیح دے رہے ہیں، بیان

[illegible] کرنے کے بجائے جمعہ خان ترین جیسے افسران کو اہم عہدوں پر موقع دیا جائے تو ترقی کی بہتری کے امکان [illegible]

کوئٹہ (آن لائن) مزدا ٹرک یونین بلوچستان کے صدر شاہ بنگلزئی جنرل سیکرٹری امان مینگل بابل سرپرہ اور دیگر نے جاری کردہ مشترکہ بیان میں محکمہ زراعت کے ذمہ دار اور تجربے کار آفیسر ڈائریکٹر جنرل ریسرچ جمعہ خان ترین کی کاوشوں اور اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ موصوف کو جب بھی موقع ملا اپنی توانائیاں صرف کرنے کے ساتھ دستیاب وسائل کو بھی بہتر انداز میں محکمہ کی ترقی اور مضبوطی کیلئے استعمال میں لاتے ہیں تاکہ اس کا حق ادا ہو ڈی جی زراعت اچھی طرح سمجھتے ہیں کہ صوبے کی ترقی میں محکمہ زراعت کی اہمیت بہت زیادہ ہے بار (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 17)

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول گوادر کی تعمیر، توسیع، بحالی اور تزئین و آرائش کا جامع منصوبہ کامیابی سے مکمل

گوادر (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے ترقیاتی وژن اور عوامی فلاحی پالیسی کے تحت، ادارہ ترقیات گوادر کی نگرانی میں اولڈ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 12)

کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کیا

سرسبز و ماحول کے فروغ کیلئے زیادہ سے زیادہ درخت لگانا وقت کی ضرورت ہے

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ سائرہ عطاء نے مون سون شجر کاری مہم 2026 کے سلسلے میں لیڈا (LEDA) کے دفتر کے احاطے میں پودا لگا کر شجر کاری مہم کا آغاز کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر حب جمعہ خان مندوخیل سمیت متعلقہ محکموں کے افسران بھی موجود تھے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ سائرہ عطاء نے کہا کہ شجر کاری ماحولیاتی تحفظ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 11)

محمد امیر حمزہ کا انتظامیہ کی ٹیم کے ہمراہ چہلم کے جلوسوں اور مجالس کے روٹس کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر (سٹی) محمد امیر حمزہ نے انتظامیہ کی ٹیم کے ہمراہ چہلم کے جلوسوں اور مجالس کے روٹس کا تفصیلی دورہ کیا۔ دورے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 13)

اسسٹنٹ کمشنر عبدالسلام کی زیر صدارت ایوننگ ریویو اجلاس

مہم کے باقی مراحل میں کسی بھی بچے کو پولیو کے قطرے پلانے سے محروم نہ رکھا جائے

دکی (خ ن) تحصیل دکی میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اسسٹنٹ کمشنر عبدالسلام کی زیر صدارت ایوننگ ریویو اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر بہادر خان لونی، نائب تحصیلدار اکرام اللہ خان، این سٹاپ ڈاکٹر عبد الحمید، ایم اینڈ ای آفیسر ای پی آئی پیر محمد، ڈسٹرکٹ پولیو آفیسر ڈاکٹر عبدا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 16)

جشن آزادی کپ کو شہید ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ کے نام سے منسوب کرنا قابل تحسین اقدام ہے، شئے بلوچ

گوادر (آن لائن) سندھ بلوچستان جشن آزادی کپ 2026 بنام شہید ڈپٹی کمشنر ذاکر بلوچ فٹبال ٹورنامنٹ کے سلسلے میں بابائے بزنجو فٹبال اسٹیڈیم گوادر میں ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن گوادر کے صدر میر ارشد کلمتی کے (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 14)

نائب تحصیلدار اکرام اللہ خان نے دکی بازار کا دورہ

یقینی بنانے کیلئے ایسے معائنے باقاعدگی سے جاری رہیں گے

دکی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال کی ہدایت پر نائب تحصیلدار اکرام اللہ خان نے دکی بازار کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں جنرل اسٹورز، بیکرز اور تندوروں کا معائنہ کرتے ہوئے پرائس کنٹرول، سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد، صفائی کی صورتحال، اشیائے خورد و نوش کے معیار اور تجاوزات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ تمام اشیائے ضروریہ مقرر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 15)

ٹرانسپورٹرز اور متعلقہ شعبوں سے وابستہ افراد 7 اور 8 اگست کو شٹر ڈاؤن ہڑتال سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کریں، حاجی نور محمد شاہوانی

بلوچستان گڈز کی 7 اور 8 اگست کو کوئٹہ میں شٹر ڈاؤن ہڑتال کی مکمل حمایت کا اعلان

تاجروں اور ٹرانسپورٹرز کے مسائل مشترکہ نوعیت کے ہیں، جن کے حل کے لیے باہمی اتحاد اور اتفاق وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی، سہیل خان کاکڑ، حاجی روزی خان مندوخیل، حاجی ظاہر شاہ یوسفزئی، ملک نور خان کرد، جعفر خان کاکڑ، حاجی آمین سالانی، حاجی داؤد کرد، عمر شاہ آفریدی، مزدہ ٹرک ایسوسی ایشن کے چیئرمین بابو جان ریسانی۔ قدیم خان بڑیچ۔ عبدالحق مینگل اور یونس پٹھان اور دیگر نے انجمن تاجران بلوچستان (رجسٹرڈ) کوئٹہ کی جانب سے 7 اور 8 (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 22)

کوئٹہ، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی کوئٹہ امیر حمزہ چہلم کے جلوس کے موقع پر انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار سید عنایت اللہ کی HEC میں جمع شدہ ڈبل فیس 11 دن میں واپس کروا دی گئی

کوئٹہ (پ ر) درخواست گزار سید عنایت اللہ نے بتایا کہ انہوں نے اپنی ایم فل کی ڈگری کی تصدیق (Verification) کے لیے فیس جمع کروائی، تاہم HEC کی جانب سے انہیں بتایا گیا کہ ان کی فیس غلط اکاؤنٹ میں جمع ہوئی ہے، لہٰذا وہ دوبارہ فیس جمع کروائیں۔ درخواست گزار نے دوبارہ فیس جمع کروائی اور پہلی مرتبہ جمع کروائی گئی فیس کی واپسی کے لیے متعدد بار درخواستیں دیں، مگر ان کی کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ چنانچہ انہوں (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 23)

کوئٹہ، صوبائی وزیر میر شعیب نوشیروانی اور پارلیمانی سیکرٹری فشریز میر برکت علی رند ملاقات کر رہے ہیں

سبی میں یوم شہدائے پولیس انتہائی عقیدت و احترام سے منایا گیا

پولیس لائن سبی میں شہدائے پولیس کو خراج عقیدت کیلئے پروقار اور روح پرور تقریب

سبی (خ ن) یوم شہدائے پولیس کے موقع پر ڈسٹرکٹ پولیس سبی کی جانب سے پولیس لائن سبی میں شہدائے پولیس کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک پروقار اور روح پرور تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز بعد از نماز فجر جامع مسجد پولیس لائن میں قرآن خوانی سے کیا گیا، جس میں شہدائے پولیس کے درجات کی بلندی، ملک و قوم کی سلامتی اور امن و امان کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ بعد ازاں پولیس لائن میں قائم یادگار شہداء پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے شہدائے پولیس کو سلامی پیش کی۔ اس موقع پر ایس ایس پی سبی عبدالحمید، ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد اشرف جمالی، آر آئی سید اقبال شاہ، لائن آفیسر منور شاہ، ایس ایچ او سٹی عبدالرؤف مرغزانی، ایس ایچ او صدر امداد حسین سمیت دیگر پولیس افسران نیا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 38)

ڈپٹی کمشنر استا محمد کا ایکسین بلڈنگز کے ہمراہ زیر تعمیر پری فیبریکیٹڈ ہاؤسز کا دورہ

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال نے ایکسین بلڈنگز یاسین جاٹ ڈیو کے ہمراہ ضلع میں زیر تعمیر پری فیبریکیٹڈ (Prefabricated) ہاؤسز کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر ایس ڈی او بلڈنگز عاشق علی بوہڑ بھی موجود تھے دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے جاری تعمیراتی کام کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور منصوبے کی مجموعی پیش رفت تعمیراتی معیار استعمال ہونے والے میٹریل اور تکمیل کے شیڈول کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ حاصل کی

سرکاری و نجی حج سکیم 2027 میں اہم انتظامی تبدیلی

اب 16 بینکوں کے بجائے صرف ایک بینک درخواستیں وصول کرے گا

اسلام آباد (آن لائن) سرکاری و نجی حج سکیم 2027 میں اہم انتظامی تبدیلی کی گئی ہے اور اب 16 بینکوں کے بجائے صرف ایک بینک درخواستیں وصول کرے گا۔ ذرائع کے مطابق آن لائن اور برانچ دونوں ادائیگیاں صرف حبیب بینک کے ذریعے ہوں گی۔ حبیب بینک کی برانچز اور ڈیجیٹل نظام کے ذریعے درخواستیں اور اخراجات جمع کرائے جا سکیں گے۔ ذرائع کے مطابق سرکاری و نجی سکیم کے تمام مالی معاملات حبیب بینک کے سپرد کئے گئے تین وزارت مذہبی امور اور حبیب بینک میں جلد معاہدے پر دستخط کیے جائیں گے۔ سرکاری اسکیم کے تحت (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 36)

حکومت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے وژن پر مؤثر انداز میں عمل پیرا ہے، عبدالصمد شاہی

مختلف فنی و تکنیکی تربیتی پروگراموں کے ذریعے نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے آراستہ کر رہی ہے

گوادر (خ ن) پرنسپل ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر عبدالصمد شاہی نے کہا ہے کہ موجودہ صوبائی حکومت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے وژن پر مؤثر انداز میں عمل پیرا ہے۔ حکومت مختلف فنی و تکنیکی تربیتی پروگراموں کے ذریعے نوجوانوں کو جدید مہارتوں سے آراستہ کر رہی ہے تاکہ وہ باعزت روزگار حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ خود روزگاری کے مواقع سے بھی بھرپور استفادہ کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ووکیشنل ٹریننگ سینٹر گوادر میں نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ معیاری فنی و پیشہ ورانہ تربیت فراہم کی جا رہی ہے تاکہ وہ ملکی و صوبائی معیشت میں مؤثر کردا (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 35)

جمعیت علما اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس

عوام دشمن پالیسیوں نے بلوچستان کی معیشت کو مفلوج کر دیا ہے

یومیہ اجرت پر کام کرنے والے محنت کش فاقہ کشی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام بلوچستان کی صوبائی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس صوبائی سیکرٹریٹ، جناح ٹاؤن، کوئٹہ میں صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں بلوچستان کی مجموعی سیاسی، امن و امان، معاشی، تنظیمی اور عوامی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں صوبے میں روز بروز ابتر ہوتی ہوئی امن و امان کی صورتحال، تاجروں، صنعت کاروں، ٹرانسپورٹرز، کاشتکاروں اور سرحدی تجارت سے وابستہ لاکھوں خاندانوں کو درپیش سنگین معاشی بحران پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس نے قرار دیا کہ حکومت کی غیر سنجیدہ، ناکام اور عوام دشمن پالیسیوں نے بلوچستان کی معیشت کو مفلوج کر دیا ہے۔ بازار ویران، کاروباری سر (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 31)

اے سی ڈیرہ مراد جمالی کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس

خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائیگی

ڈیرہ مراد جمالی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ کی زیر صدارت پرائس کنٹرول کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں انجمن تاجران و دکانداران، ٹریڈ یونین، شہری ایکشن کمیٹی اور میونسپل کمیٹی کے نمائندگان نے شرکت کی اجلاس میں انجمن تاجران و دکانداران کے صدر خان جان ہنگورئی، تاج بلوچ، جنرل سیکرٹری لیاقت چھلگری، مختار قادری بنگلہ، سینئر نائب صدر شفیع محمد مینگل، ٹریڈ یونین کے صدر میر جان مینگل، سیٹھ تارا چند، ہرپال داس، علی محمد بوہڑ، شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین محمد رحیم لہڑی، دین محمد لہڑی، چیف میونسپل کمیٹی سلیم احمد ڈومکی، با (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 33)

پولیس ڈیرہ مراد جمالی کی مختلف مقدمات میں مطلوب 5 ملزمان کو گرفتار کر کے ڈکیتی شدہ کار اور دو موٹر سائیکلیں برآمد کر لی

ڈیرہ مراد جمالی (آن لائن) سٹی پولیس ڈیرہ مراد جمالی کی مختلف مقدمات میں مطلوب 5 ملزمان کو گرفتار کر کے ڈکیتی شدہ کار اور دو موٹر سائیکلیں برآمد کر لی پولیس کے مطابق ایس ایس پی نصیر آباد اسد ناصر کی ہدایت پر ڈی ایس پی سرکل ڈیرہ مراد جمالی غلام سرور مینگل کی نگرانی (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 32)

شہر کے وسط میں سکول کی جگہ کمرشل پلازے کی تعمیر علم دشمن اقدام ہے، جمہوری وطن پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی سیکرٹری خزانہ آصف مسیح نے کہا کہ شہر کے وسط میں واقع سینٹ گیبرل اسکول کی بندش محکمہ اوقاف کی جانب سے لیز کے خاتمے، سکول کی جگہ کمرشل پلازے کی تعمیر پر اقلیتی برادری سمیت شہریوں کو شدید تحفظات ہیں۔ (صفحہ نمبر 3 بقیہ نمبر 34)


5 اگست یوم استحصالِ کشمیر
آرٹیکل 370 اور 35A کی منسوخی
نہ کشمیری اس کو مانتے ہیں
نہ دنیا اس کو مانتی ہے
نہ پاکستان اس کو مانتا ہے
نہ اقوام متحدہ اس کو مانتی ہے
"ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا ہے"
PID (I) 1151-D/26
#KashmirbaneygaPakistan
#IIOJKundersiege
URAAN PAKISTAN
وزارتِ اطلاعات و نشریات
حکومتِ پاکستان
/GovtofPakistan
www.moib.gov.pk

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com